عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 23 ستمبر 2026ء/ 10 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 175

اسرائیل غزہ میں جنگ بندی کی روزانہ خلاف ورزی کر رہا ہے، اسحاق ڈار

6 رکنی کمیٹی پر فلسطینی عوام کے لیے سیاسی وسفارتی حمایت متحرک کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، مقبوضہ فلسطینی علاقوں اور غزہ کی صورتحال پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے

امریکا، مصر، قطر اور ترکیہ کی غزہ تنازع کے خاتمے کیلئے کوششوں کو سراہتے ہیں، پاکستان مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی خلاف ورزیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے، نائب وزیراعظم

نیویارک (جی این ایم) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ فلسطین کا مسئلہ مسلم امہ کے اجتماعی شعور میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے، اسرائیل غزہ میں جنگ بندی کی روزانہ خلاف ورزی کر رہا ہے۔ او آئی سی کی فلسطین کمیٹی سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ 6 رکنی کمیٹی پر فلسطینی عوام کے لیے سیاسی وسفارتی حمایت متحرک کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے، مقبوضہ فلسطینی علاقوں اور غزہ کی صورتحال (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

بلوچستان پولیس کو 865 موٹر سائیکلوں کی فراہمی گشت اور نظام مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

یہ اقدام جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی یہ اقدام معاون ثابت ہوگا

کوئٹہ (جی این ایم) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی کاوشوں کے تحت بلوچستان پولیس کو جدید پولیسنگ نظام سے ہم آہنگ کرنے کے لیے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے صوبے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

سینیٹرز اور ایم این ایز گرفتار ہو رہے ہیں اور پارلیمنٹ چپ ہے، علی ظفر

سیاسی سرگرمی روکنے کے لیے تھری ایم پی او کے استعمال کا کوئی جواز نہیں، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ سینیٹرز اور ایم این ایز گرفتار ہو رہے ہیں اور پارلیمنٹ چپ ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ضلع نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملہ، دو پولیس اہلکار جاں بحق

معاون داخلہ بابر یوسفزئی نے فتن الہندوستان کو ذمہ دار ٹھہرا دیا

کوئٹہ (جی این ایم) ضلع نوشکی کے علاقے گلی جمال آباد میں پولیو مہم کی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، سرفراز بگٹی

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک وقوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں

سارا ان تنگی میں سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کے ذریعے دہشتگرد عناصر کے خلاف اہم کامیابی حاصل کی ہے، کارروائیاں جاری رہیں گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سارا ان تنگی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خاتمے اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

ریلوے میں کفایت شعاری کے اقدامات پر سختی سے عمل درآمد ہوگا، حنیف عباسی

31 دسمبر تک ریلوے میں ہاس بلڈنگ ایڈوانس قرضوں کا اجرا معطل کر دیا، وزیر ریلوے

لاہور (جی این ایم) وزیر ریلوے حنیف عباسی نے پر سختی سے عمل درآمد ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ 31 دسمبر تک ریلوے (باقی صفحہ 2 نمبر 8) کہا ہے کہ ریلوے میں کفایت شعاری کے اقدامات

پی ٹی آئی کو اسلام آباد آ کر امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دینگے، عطا تارڑ

پی ٹی آئی میں فیصلہ ساز کون ہے، بیرسٹر گوہر کی کوئی نہیں سنتا یہ ہوش کے ناخن لیں ورنہ ان کے ساتھ وہ ہوگا جو یہ ہمیشہ یاد رکھیں گے

یہ احتجاج کی بات کرتے ہیں، ابھی کوہاٹ کے شہدا کی قبر کی مٹی نہیں سوکھی، پی ٹی آئی حکومت کو تو چاہیے کہ امن کے قیام تک یہ ہنگو اور کوہاٹ سے باہر نہ نکلے، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی میں فیصلہ ساز کون ہے، ہم بات کس سے کریں، کون انچارج ہے؟ بیرسٹر گوہر فارغ ہیں، پارٹی میں ان کی کوئی نہیں سنتا' کچھ بھی ہو جائے پی ٹی آئی کو اسلام آباد آ کر امن خراب کرنے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)


پشاور، وفاقی وزیر اطلاعات ونشیرات عطاء اللہ تارڑ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کوئٹہ، محکمہ صحت بلوچستان کا دوہری ملازمت کے کیسز میں ملوث افسران کو حتمی نوٹس

مقررہ رقم خزانے میں جمع نہ کرانے کی صورت میں معاملہ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کو بھجوایا جائے گا، محکمہ صحت

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان کی جانب سے دوہری ملازمت (Dual Employment) کے کیسز میں ملوث قرار دیے گئے کنٹریکچوئل افسران/ملازمین کے حوالے سے حتمی نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ تحقیقاتی کمیٹی کی سفارشات کی روشنی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

شہدا کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جائے گا

آرمی چیف


پشاور، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کو پشاور کور ہیڈ کوارٹرز کے دورے کے موقع پر سیکورٹی صورتحال و دیگر امور سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

شہدا کی عظیم قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، فارمیشنز کو ہر وقت چوکس رہنے اور اعلیٰ ترین آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت

راولپنڈی (جی این ایم) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ مسلح افواج قوم کی غیر متزلزل حمایت سے دہشت گردی کو شکست دینے کے عزم پر قائم اور ملک بھر میں دیرپا امن اور استحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پشاور کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کا دورہ کیا جہاں انہیں صوبے کی سیکورٹی صورتحال اور آپریشنز پر بریفنگ دی گئی۔ آمد پر کور کمانڈر پشاور نے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کا استقبال کیا۔ آرمی چیف کو پاک افغان بارڈر مینجمنٹ اور فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں پر بھی بریفنگ دی گئی، انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں اور سرحدی انتظام پر بھی بریفنگ دی گئی، فیلڈ مارشل نے افسران و جوانوں کے بلند حوصلے اور پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو صوبے میں فارمیشنز کی آپریشنل تیاریوں سے بھی آگاہ کیا گیا، فیلڈ مارشل نے فارمیشنز کو ہر وقت چوکس اور آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت کردی۔ کہا ملک اور عوام کے تحفظ کیلئے افسران اور جوانوں کا عزم وحوصلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

جماعت اسلامی کا وزیراعظم کی وطن واپسی تک لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان

جماعت اسلامی عوام کے بنیادی مسائل پر بات کرتی ہے، پٹرول کی قیمت اور ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی کرپشن چھپاتی ہے

ملک کے 42 شہروں میں دھرنے جاری ہیں، ہماری تحریک مزید آگے بڑھ رہی ہے، مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمان

ملتان (جی این ایم) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی درخواست پر لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دیا ہے جبکہ احتجاج جاری رہے گا۔ ملتان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے بنیادی مسائل پر بات کرتی ہے، پٹرول کی قیمت اور ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی کرپشن چھپاتی ہے، ملک کے 42 شہروں (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

نوشکی پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر فائرنگ قابل مذمت ہے، بابر یوسفزئی

دہشت گرد عناصر بچوں کو صحت کے حق سے محروم نہیں کر سکتے، معاون خصوصی

کوئٹہ (جی این ایم) نوشکی میں پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کا بزدلانہ واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار جام شہادت نوش کر گئے۔ معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے نوشکی میں پولیو ٹیم پر حملے اور پولیس اہلکاروں (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

بولان، نامعلوم افراد کی فائرنگ، شکار کے لیے جانے والے دونو جوان جاں بحق

مقتولین کا تعلق نوروز خان بنگلزئی اور مولا بخش راہیجہ سے ہے، لاشیں سول اسپتال ڈھاڈر منتقل، پولیس کی تفتیش جاری

بولان (جی این ایم) بولان کے نواحی علاقے مشکاف کشاری کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو نوجوان جاں بحق ہو گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق قتل کی وجوہات فی الحال سامنے نہیں آ سکیں، تاہم واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والے دونوں نوجوان بٹیر کے شکار کی غرض سے کشاری کے علاقے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور کی ملاقات

دونوں ممالک کے درمیان تجارت، تعلیم اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور لیبیا کے درمیان تجارت، تعلیم اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے لیبیا کے قائم مقام وزیر خارجہ الطاہر الباعور کی ملاقات ہوئی، اسحاق ڈار نے لیبیا کے ساتھ دوستانہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اسحاق ڈار اور لیبیا کے قائم مقام (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

آپریشن شعبان 2، فورسز کی کارروائیاں، 6 دہشتگرد ہلاک

ہلاک فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں

سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن کیا، 9 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا، آئی ایس پی آر

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی آپریشن شعبان 2 کے تحت دہشتگردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے علاقے سارا ان تنگی میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 6 دہشتگرد ہلاک جبکہ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)


اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے عادل بازئی بھی گرفتار، پکڑے گئے ممبران اسمبلی کی تعداد 6 ہوگئی

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنماؤں کی گرفتاریاں جاری ہیں اور اب اسلام آباد پولیس نے ایم این اے عادل بازئی (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

قطر کا خلیجی ممالک سے ایران سے اچھے تعلقات قائم کرنے کا مطالبہ

دوحہ (جی این ایم) قطری وزیراعظم شیخ محمد بن عبد الرحمان آل ثانی نے کہا ہے کہ خلیجی ممالک کو نئے سیکورٹی فریم ورک کے تحت ایران سے اچھے تعلقات قائم کرنے کی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

ایف بی آر کے گودام سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے

ایف آئی آر میں ایف بی آر افسران اور سگریٹ کمپنی کے اہلکار کو نامزد کیا گیا ہے، سی سی ٹی وی کا ریکارڈ غائب

صوابی (جی این ایم) صوابی میں ایف بی آر کے گودام سے 25 کروڑ روپے کے سگریٹ غائب ہوگئے خیبر پختونخوا کے ضلع صوابی میں ایف بی آر کے ویئرہاس سے 25 (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ڈونلڈ ٹرمپ ایرانی صدر سے ملاقات کے لیے تیار ہیں، مارکو روبیو

ٹرمپ اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی ملاقات تاحال طے نہیں ہوئی، امریکی وزیر خارجہ کا بیان

نیویارک (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات (باقی صفحہ 2 نمبر 21)


اسلام آباد، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مالدیپ پیپلز مجلس کے اسپیکر عبداللہ ملاقات کر رہے ہیں

جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے نظام صحت میں انقلابی تبدیلیاں لائینگے، وزیر اعلیٰ

محکمہ صحت بلوچستان اور ناروے کی یونیورسٹی کا اشتراک: ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے نفاذ اور تحقیق کو مزید تقویت ملے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ سسٹم کے فروغ کیلئے محکمہ صحت اور یونیورسٹی آف اوسلو کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان میں ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کو مزید مستحکم بنانے، ڈی ایچ آئی ایس ٹو کے مؤثر نفاذ، مقامی اختراعات، تحقیق اور تکنیکی استعداد کار کے فروغ کے لیے محکمہ صحت، حکومتِ بلوچستان اور نارویے کی ممتاز یونیورسٹی آف اوسلو کے ایچ آئی ایس پی سینٹر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیے گئے مفاہمتی یادداشت پر بلوچستان ہیلتھ مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (بی ایچ ایم آئی ایس/ ڈی ایچ آئی ایس ٹو) کی جانب سے صوبائی کوآرڈینیٹر ڈاکٹر ابا بگر بلوچ اور یونیورسٹی آف اوسلو کے ایچ آئی ایس پی سینٹر کی جانب سے پروفیسر ڈاکٹر کرسٹن برانے دستخط کیے۔ یہ مفاہمتی یادداشت سیکرٹری صحت بلوچستان سید مجیب الرحمٰن کی موجودگی اور نگرانی میں طے پائی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یونیورسٹی آف اوسلو کے ساتھ تعاون بلوچستان میں جدید ڈیجیٹل ہیلتھ نظام کی تشکیل (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

آئی ایم ایف شرائط، وزارت خزانہ کا اضافی بجٹ گرانٹ پر پابندی کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) آئی ایم ایف کے 7 ارب ڈالر کے توسیعی فنڈ سہولت پروگرام (ای ایف ایف) کے تحت عائد (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

آبنائے ہرمز کے متبادل برآمدی راستہ بنانے کے لیے کثیر ملکی فنڈ قائم کرنے کی تجویز

مجوزہ فنڈ سے جنگ میں تباہ پائپ لائنز اور ریفائنریاں دوبارہ تعمیر کی جائیں گی، رپورٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے ایران کے ساتھ جاری جنگ کے دوران متاثر ہونے والی خلیجی توانائی تنصیبات کی بحالی اور آبنائے ہرمز کے متبادل برآمدی راستے بنانے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے پاکستان میں تعینات جرمن سفیر ملاقات کر رہی ہیں

بانی پی ٹی آئی کیخلاف مقدمات سیاسی نہیں کرپشن کے ہیں، احسن اقبال

پی ٹی آئی کے ارکن اور کارکن بانی سے کرپشن کا سوال کریں، سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے حملے روکنے پر کام کریں

اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کر دے گی' پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا ہے کہ اسلام آباد کو سومنات بنانے کی سازش قوم مسترد کر دے گی۔ اپنے ایک بیان میں احسن اقبال نے کہا کہ پی ٹی آئی کے انتشاری ٹولے کی سیاست ہی سومنات بنے گی، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں دہشتگردوں کے حملے روکنے پر کام کریں۔ احسن اقبال نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کیخلاف مقدمات سیاسی نہیں کرپشن کے ہیں، پی ٹی آئی کے ارکن اور کارکن بانی سے کرپشن کا سوال کریں۔

وسیم شہزاد تائیکوانڈو کھیل کو جدید طرز پر ترقی دیں گے: سپورٹس آرگنائزر

کوئٹہ (اے این این) سابق انٹرنیشنل تائیکوانڈو کھلاڑی وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر نوجوان تائیکوانڈو پلیئرز خوشی سے نہال ہیں۔ کھیلوں سے وابستہ شخصیات، نوجوان کھلاڑیوں،، کوچز اور تائیکوانڈو کے حلقوں کی جانب وسیم شہزاد کو پنجاب تائیکوانڈو ایسوسی ایشن کا صدر بننے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی۔

چاغی، پی ٹی سی ایل سسٹم کی تباہی کے بعد ضلع بھر میں مواصلاتی نظام چوتھے روز بھی معطل

دالبندین سمیت مختلف علاقوں میں یونون، ڈی ایس ایل اور انٹرنیٹ سروسز بند، معمولاتِ زندگی درہم برہم، بحالی کی کوششیں جاری

چاغی (یو این اے) چاغی کے علاقے پدگ میں پی ٹی سی ایل کے مواصلاتی نظام کو نقصان پہنچنے کے بعد دالبندین سمیت ضلع بھر میں مواصلاتی اور انٹرنیٹ سروسز چوتھے روز بھی مکمل طور پر معطل ہیں، جس کے باعث عام شہریوں اور کاروباری طبقے کو شدید ترین مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے پدگ کے مقام پر پی ٹی سی ایل کے سسٹم کو دھماکے کا نشانہ بنا کر شدید نقصان پہنچایا تھا، جس کے نتیجے میں دالبندین اور گردونواح میں یونون، ڈی ایس ایل، فائبر آپٹک اور لینڈ لائن سروسز معطل ہو کر رہ گئی ہیں۔ مواصلاتی نظام کی طویل بندش کے باعث شہریوں کا بیرونی دنیا سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، جبکہ انٹرنیٹ کی غیر موجودگی کی وجہ سے روزمرہ کے معمولاتِ زندگی اور کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہوئی ہیں۔

اقوامِ متحدہ پر عالمی برادری کا اعتماد ختم ہو چکا ہے، عباس عراقچی

عالمی امن وسلامتی کے قیام میں ناکامی کے باعث اقوامِ متحدہ اپنی ساکھ اور اعتماد کھو چکی ہے

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ اقوامِ متحدہ پر عالمی برادری کا اعتماد ختم ہو چکا۔ انہوں نے یہ بات اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اسلام آباد پر چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے دوبارہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں، طلال

آئین میں گورنر راج کا آپشن موجود ہے مگر ہم کوئی کام جلد بازی میں نہیں کرنا چاہتے، وزیر مملکت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر اب چڑھائی ہوئی تو ایسا روکیں گے کہ آئندہ کوئی آنے کا سوچے گا بھی نہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 17)


اسلام آباد: بیکن ہاؤس انٹرنیشنل کالج کے کانووکیشن کے دوران چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی طالب علم کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد کو جھتے کے حوالے نہیں کیا جا سکتا، طارق فضل چوہدری

جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی' اب بالکل زیرو ٹالرنس ہوگی' بیان سے ظاہر ہو گیا یہ اسلام آباد پر یلغار تباہی مچانے کے لیے کر رہے ہیں

ان کے مارچ میں کوئی لیڈر اور رکن اسمبلی نشانہ نہیں بنتا ہمیشہ غریب کے بچے کو چارے کے طور پر استعمال کرتے ہیں' وفاقی وزیر

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی ہے اب بالکل زیرو ٹالرنس ہوگی۔ ایک ٹی وی چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ جنید اکبر کے بیان سے ظاہر ہو گیا کہ یہ اسلام آباد پر یلغار تباہی مچانے کے لیے کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحریک انصاف کو روکنے کے لیے جو تھوڑی بہت گنجائش دی جا سکتی تھی وہ اب ختم ہوگئی ہے، اب بالکل زیرو ٹالرنس ہوگی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عدالتی فیصلہ نہ بھی آتا تب بھی اسلام آباد کو جھتے کے حوالے نہیں کیا جا سکتا، گرفتاریوں کی تعداد اتنی زیادہ نہیں جتنی پی ٹی آئی بتا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عدالتی حکم کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو علاج فراہم کیا گیا، اسپتال منتقلی سے متعلق عدالت میں اپنا موقف پیش کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سومنات والا بیان دے کر ایک طرح سے جنید اکبر نے ہماری مدد کی، ان کے مارچ میں کوئی لیڈر اور رکن اسمبلی نشانہ نہیں بنتا ہمیشہ غریب کے بچے کو چارے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جاوید شریف عمرانی کا گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول نبی بخش کھوسہ کا دورہ

بابا کوٹ (یو این اے) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل چھتر جاوید شریف عمرانی نے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول نبی بخش کھوسہ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول میں تدریسی وانتظامی امور کا جائزہ لیا اور طلبا کی تعلیمی سرگرمیوں، حاضری، صفائی ستھرائی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کا معائنہ کیا۔

بانی پی ٹی آئی کی تین بہنوں کی نظر بندی کے خلاف درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

لاہور (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی کی تین بہنوں کی نظر بندی کے خلاف درخواستیں سماعت کے لیے مقرر کر دی گئیں۔ لاہور (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ریلوے پولیس کا ٹکٹ چیکنگ کے نظام میں تبدیلی کی تردید

بغیر ٹکٹ سفر کی روک تھام: ریلوے پولیس سکھر ڈویژن کا ایس او پی کے تحت مشترکہ چیکنگ کا فیصلہ

سکھر (اسلم سومرو) ریلوے پولیس سکھر ڈویژن کے پبلک ریلیشنز آفیسر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ٹرینوں میں ٹکٹ چیکنگ کے نظام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی، جبکہ ریلویز پولیس ٹکٹ لیس مسافروں کے خلاف ازخود یا یکطرفہ کارروائی نہیں کر رہی۔ ایس ایس پی ریلوے پولیس سکھر ثناء الرحمٰن کی نگرانی میں ریلوے پولیس متعلقہ ایس او پی کے تحت کمرشل برانچ، ٹی ٹی ای عملے، ٹکٹ چیکرز اور اسٹیشن ماسٹرز کے ساتھ مل کر ٹکٹ چیکنگ اور انفورسمنٹ کے فرائض انجام دے رہی ہے۔

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

قیمت 15 روپے

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔

موبائل/واٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823946

دنیا کی کوئی حکومت اے آئی کے اثرات کیلئے تیار نہیں

مائیکروسافٹ کے شریک بانی بل گیٹس نے انتباہ کیا ہے کہ دنیا کی کوئی حکومت آرٹی فیشل انٹیلی جنس (اے آئی) ٹیکنالوجی سے مرتب ہونے والے اثرات کے لیے تیار نہیں۔ایک انٹرویو کے دوران بل گیٹس نے کہا کہ کسی بھی حکومت نے اے آئی سے معاشرے میں آنے والی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے تیاریاں نہیں کی ہیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ اس ٹیکنالوجی سے ملازمتوں چھننے، سائبر حملوں اور اے آئی کمپینئنز کی لت جیسے خطرات کا سامنا ہوسکتا ہے۔بل گیٹس نے کہا کہ کچھ عرصے پہلے وہ اے آئی کے حوالے سے خوش آئند توقعات رکھتے تھے مگر اب انہوں نے اپنا موقف تبدیل کر لیا ہے۔تمام تر خدشات کے باوجود بل گیٹس اور ان کی گیٹس فاؤنڈیشن کو توقع ہے کہ اے آئی ٹیکنالوجی سے امیر اور غریب کے درمیان خلا میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔گیٹس فاؤنڈیشن کی جانب سے ایک ارب ڈالرز تعلیم، طبی نگہداشت اور زراعت پر خرچ کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔اس سرمائے سے ایسے اے آئی ماڈلز بھی تیار کیے جائیں گے جو تمام زبانوں میں کام کر سکیں گے۔بل گیٹس کے مطابق صحت کے شعبے کے حوالے سے اے آئی ٹیکنالوجی میں موجود مواقعوں کو نظرانداز کرنا مشکل ہے، کیونکہ اس سے نئی ادویات اور ویکسینز کی دریافت بہت تیزی سے ممکن ہوسکے گی۔انہوں نے دنیا بھر کی حکومتوں سے ملکر کام کرنے کا مطالبہ کیا۔انہوں نے اے آئی ٹیکنالوجی کا موازنہ ایک قدرتی آفات پر مبنی فلم سے کرتے ہوئے کہا کہ ممالک کو اس خطرے کے لیے اتحاد کی ضرورت ہے۔

علاقائی اور خطے کے تناظر میں زمینی حقائق

ازقلم: غلام رسول بلوچ

پاکستان اور خطے کے حالات اس وقت شدید معاشی سیاسی اور اسٹریٹجک چیلنجز کا شکار ہیں۔
پاکستان معاشی طور پر شدید مشکلات کا سامنا کر رہا ہے جو کہ ایک دباؤ کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہے
ملک میں مہنگائی کا طوفان پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ
بیرونی قرضے اور پیداوار کی کمی جیسے مالیاتی مسائل کا سامنا ہے۔
ملک میں سیاسی عدم استحکام ہے۔ملک میں جب سیاسی عدم استحکام ہوگا تو معاشی استحکام کیسے آسکتا ہے کیونکہ یہ دونوں معاملات تقریباً ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔
سیاسی جماعتوں کے درمیان کھینچا تانی اور ایک دوسرے پر الزامات کی جنگ نے اتنی دوریاں پیدا کر دی ہیں کہ ملکی مفادات اور قومی سلامتی سے متعلق معاملات کا تحفظ دور دور تک ان کی ترجیحات میں شامل نظر نہیں آتا بلکہ ذاتی مفادات کی نگہبانی کو فوقیت دی جا رہی ہے جو کہ تشویشناک ہے۔
حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے درمیان ہم آہنگی نہ ہونے کی وجہ سے اس کے منفی اثرات داخلی و خارجی سطح پر بے یقینی ہو بڑھا رہے ہیں
افواج پاکستان اور پاکستان کے دیگر سیکورٹی ادارے گزشتہ دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف ایک طویل اور مشکل جنگ لڑ رہے ہیں۔وہ دہشت گردی جو بھارت اور اس کے ہمنوا پاکستان دشمن ممالک کی طرف سے اسپانسرڈ کی جا رہی ہے۔
عالمی برادری اور اقوام متحدہ کو بھارتی دہشت گردی کے واضح ثبوت دینے کے باوجود سرد مہری کا مظاہرہ اور بھارت سے باز پرس نہ کرنا بھارت کی ریاستی دہشت گردی جو وہ بطور ریاستی پالیسی چلا رہا ہے اس کی کسی حد تک حوصلہ بڑھاتی ہے۔
بھارت افغانستان کے راستے پاکستان کی مغربی سرحدوں پر دباؤ بڑھانے کے لیے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کی دہشت گردی کو پروموٹ کر رہا ہے۔
بلوچستان اور کے پی کے میں مسلسل دہشت گرد حملے ہو رہے ہیں۔افواج پاکستان اور قوم کی قربانیاں اور شہادتیں قابل تحسین ہیں جو وہ اپنے پیارے وطن پاکستان کی بقاء اور سلامتی کے لیے دے رہے ہیں۔
دہشت گردی کے خلاف جنگ پوری قوم کی جنگ ہے اس جنگ میں ملک پاکستان اور اس ملک کی قوم نے اپنا بہت کچھ کھویا ہے۔اب وقت آ گیا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ کر ملک سے دہشت گردی اور شرپسندی کا خاتمہ کیا جا سکے۔
قوم زمینی حقائق کا ادراک کرے اور ملک کو درپیش چیلنجز اور بحرانوں کے خاتمے کے لیے اپنے قومی سلامتی کے اداروں اور حکومت کا ساتھ دے۔یہ جنگ پوری قوم کی جنگ ہے اس جنگ کو ہر پاکستانی نے حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر لڑنا ہے اور اس وقت تک لڑنا ہے جب تک پاکستان میں امن قائم ہو اور ریاستی عملداری کو برقرار رکھا جا سکے۔
اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

☆☆☆☆

کہ ان کو دھرنا کے لیے پاک سیکریٹریٹ کو بلاک نہیں کرنے دیا جائے گا، اپنے صوبے میں احتجاج کریں، یہ پشاور کو بند کریں، یہ کیا بات ہوئی آپ آتے ہیں اسلام آباد پر چڑھائی کرتے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ یہ پلاننگ سہیل آفریدی اور آئی ایس ایف کر رہی ہے پوری دنیا کو پتا ہے، پی ٹی آئی میں یہ جو دو تین بندے کہتے ہیں بات کریں، بتایا جائے

نہیں۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت حالات کا جو بھی کہے، ہم نہیں رکیں گے، دھرنے جاری رہیں گے، لانگ مارچ اکتوبر کے پہلے ہفتے تک ملتوی کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت سے تحریری یقین دہانی لیں گے، اس طرح کی صورتحال کی حکومت خود ذمہ دار ہے، ہمارا ایجنڈہ فساد یا جھگڑا نہیں عوام کا ریلیف ہے، وزیراعظم جلدی وطن واپس

(17)

ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومتی وسائل یا طاقت کی بنیاد پر کسی شہر پر حملہ نہیں ہوسکتا، اسلام آباد پر حملہ کیا گیا تو حلف کی خلاف ورزی ہوگا، ہائیکورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، ویسے ہم ان کی اسٹریٹ پاور کا اندازہ لاہور اور وزیرآباد کی گلیوں سے لگا چکے ہیں۔طلال

بنیادی اختلافات کو حل کرنے کی طرف پیش رفت حاصل کرنا ہوگا یوں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موجودہ اجلاس کے دوران ٹرمپ اور پزشکیان کے درمیان ممکنہ ملاقات عالمی سفارتی حلقوں کی توجہ کا مرکز بن گئی ہے، تاہم امریکی وزیر خارجہ کے تازہ بیان کے مطابق فی الحال دونوں صدور کی باقاعدہ ملاقات کا شیڈول طے نہیں کیا گیا۔

گردی کیں۔ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے صوبے کے شہری اور دور دراز علاقوں میں پولیس گشت کا نظام مزید مؤثر ہوگا جبکہ گنجان آبادی والے علاقوں میں پولیس کی فوری رسائی بھی ممکن بنائی جا سکے گی۔موٹر سائیکلوں کے استعمال سے پولیس اہلکاروں کو کم وقت میں جائے وقوعہ تک پہنچنے میں مدد ملے گی جبکہ وقت اور ایندھن کی بھی بچت ہوگی۔

جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قابل قدر ہیں اور ریاستی ادارے ملک و قوم کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں انجام دے رہے ہیں۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشتگرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا

(01)

ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں دو پولیس اہلکار محمد یاسر اور عبدالرؤف جاں بحق ہوگئے۔حملہ آور فائرنگ کے بعد شہدا کا سرکاری اسلحہ بھی اپنے ساتھ لے کر فرار ہوگئے۔واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا ہے۔

ساتھ جرائم کے سدباب اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے میں بھی یہ اقدام معاون ثابت ہوگا۔

(04)

پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔نائب وزیراعظم نے کہا کہ امریکا، مصر، قطر اور ترکیہ کی غزہ تنازع کے خاتمے کیلئے کوششوں کو سراہتے ہیں، پاکستان مسجد اقصیٰ میں اسرائیلی خلاف ورزیوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔

01

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کئے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے اپنے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کی سائیڈ لائن پر ملاقات کی اور اس حوالے سے نیویارک میں معاہدے پر دستخط کیے۔ وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا کہ ان کے لیے یہ دستخط باعث مسرت ہیں۔ یہ اہم قدم دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں اور ادارہ جاتی تبادلوں میں مزید سہولت دے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس عمل سے باہمی مفاد کے تمام شعبوں میں دونوں برادر ملکوں کی اسٹریٹیجک شراکت داری مزید بڑھے گی۔

02

بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کو متاثر کرنے کی کوشش بھی ہے۔ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل ناانصافیوں اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو فرائض کی انجام دہی کے دوران ہراساں، تشدد یا دبا کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بلوچستان میں صحافی پہلے ہی مختلف مشکلات اور خطرات کے باوجود اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں، ایسے واقعات سے صحافی برادری میں شدید تشویش پائی جاتی ہے بلوچستان میڈیا فورم کی قیادت نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں صحافی جمعہ خان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور تشدد میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکیمر کزی قیادت نے خبردار کیا کہ اگر صحافی جمعہ خان کو فوری انصاف فراہم نہ کیا گیا اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی تو بلوچستان بھر کی صحافی برادری کو اعتماد میں لے کر احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے سمیت آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

03

وزیر داخلہ نے دونوں کانسٹیبلز کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ ان کا کہنا تھا کہ کانسٹیبل محمد یاسر اور کانسٹیبل عبدالرؤف نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کر کے شہادت کا عظیم رتبہ پایا ہے، قوم ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملک کے معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا انتہائی گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے۔ وزیر داخلہ نے عزم ظاہر کیا کہ پولیو ٹیموں اور محافظوں پر حملہ کرنے والے ایسے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور انہیں جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

04

بعد کسٹمز اہلکاروں کو دھمکیاں موصول ہوئی تھیں۔

05

رہنماؤں نے علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی، سیاسی رہنماؤں و کارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر بھی شدید مذمت کا اظہار کیا۔ ملاقات میں سیاسی سرگرمیوں کے خلاف جاری اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اپوزیشن اتحاد کا کہنا ہے کہ مارچ مکمل طور پر پرامن ہوگا اور جمہوری و آئینی حقوق کے لیے ہوگا۔ رہنماؤں نے کہا کہ مارچ کے حتمی دن کا فیصلہ ہم خود کریں گے کہ کب آنا ہے۔

06

بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی کا مطالبہ کیا اور قومی کمیٹی برائے انتظام غزہ کی پورے غزہ میں ذمہ داریوں کے آغاز پر اتفاق کیا۔ مشترکہ بیان میں فلسطینیوں کی زبردستی بے دخلی اور علاقائی یا آبادیاتی تبدیلی مسترد کی گئی اور بستیوں کی توسیع، زمینوں پر قبضے، گھروں کی مسماری اور آبادکاروں کی جانب سے ہونے والے تشدد کی مذمت کی گئی۔ اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے یروشلم کے مقدس مقامات کی تاریخی و قانونی حیثیت کو متاثر کرنے پر اظہار تشویش کیا، برطانیہ اور کہا کہ یورپی ممالک کے غیر قانونی بستیوں سے تجارت روکنے کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ فلسطینی علاقے کا حصہ اور مغربی کنارے بشمول مشرقی یروشلم سے یکجائی ضروری اور مشرقی یروشلم دارالحکومت کے ساتھ آزاد فلسطینی ریاست کے لیے دو ریاستی حل ناگزیر ہے۔ پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت کو سراہا اور اس تنازع پر امریکا کے فعال کردار پر زور دیا۔ عالمیقشے دیکھیں مشترکہ بیان میں 8 اسلامی ممالک نے امریکا، بورڈ آف پیس اور فلسطینی اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا عزم دہرایا۔

07

جہاں انہوں نے پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی سے درپیش خطرات اور مالی معاونت کی ضرورت اجاگر کی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید خطرات کا سامنا کر رہا ہے، سیلاب سے بنیادی ڈھانچے اور عوام کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے، جبکہ قدرتی آفات سے نمٹنے کا نظام مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے گرین کلائمیٹ اور لاس اینڈ ڈیمج فنڈز سے مالی معاونت تیز کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی فنڈز تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنایا جائے۔ انہوں نے ورلڈ بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور عالمی مارکیٹ سے مالی وسائل حاصل کرنے پر بھی زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی جانب سے کاپ اکتیس ایکشن ایجنڈے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایکشن ایجنڈا پاکستان کی موسمیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ ہے۔ وزیر خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے ریگولیٹڈ فریم ورک، ٹوکنائزیشن اور ڈیجیٹل نظام پر بھی گفتگو کی۔

08

شدید تشویش پائی جا رہی ہے شاہی انٹر پرائز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی 50 روپے والی مونگ پھلی کا معیار اس حد تک ناقص ہے کہ وہ انسانوں کے کھانے کے قابل ہی نہیں رہی اس کے باوجود کمپنی نے صوبے بھر کی عام مارکیٹوں اور بڑے تاجروں کے ذریعے یہ غیر معیاری سامان سپلائی کیا ہوا ہے جس سے نہ صرف عام شہریوں اور بچوں کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کھیلا جا رہا ہے بلکہ لاکھوں روپے مالیت کا یہ ناقص مال اب بھی پکھی سمیت صوبے بھر کی مارکیٹوں میں فروخت کے لیے موجود ہے سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں نے شاہی انٹر پرائز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی غیر معیاری مونگ پھلی کی مارکیٹوں سے ضبط کر کے فوری طور پر وفاقی فوڈ اتھارٹی اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی سے فوری اور سخت نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے شہریوں اور سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ انسانی صحت سے کھیلنے والی ایسی کمپنیوں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے غیر معیاری مال فوری طور پر مارکیٹ سے ضبط کیا جائے اور عوام کو مضر صحت اشیاء سے تحفظ فراہم کیا جائے۔

09

متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں BSDI منصوبوں کی پیش رفت، نئے منتقل شدہ علاقوں کے انتظامی و ریونیو معاملات، نئے قائم شدہ سب ڈویژنز کے دفاتر و سرکاری رہائش، لائن ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی اور شہری سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر نے شہروں میں صفائی و کوڑا کرکٹ کی مؤثر تلفی، بازاروں میں ٹریفک کی روانی اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے باقاعدہ کارروائی کی ہدایت کی۔ انہوں نے بازاروں کے مسلسل معائنے، زائد المیعاد اشیاء وجعلی ادویات کے خلاف کارروائی اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی مؤثر نگرانی پر بھی زور دیا۔ کمشنر مجیب الرحمٰن قمبرانی نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ عوامی سہولت اور سروس ڈیلیوری کو اولین ترجیح دیتے ہوئے تمام انتظامی و ترقیاتی امور پر مؤثر نگرانی اور بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

10

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کے مختلف شعبہ جات اور لیبارٹریز کا بھی معائنہ کیا اور آئی ٹی سمیت تعلیمی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے طلبہ میں کتابیں بھی تقسیم کیں اور تعلیمی سرگرمیوں کے حوالے سے طلبہ سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر نے کالج کے اسٹاف روم میں پروفیسرز اور دیگر تدریسی عملے سے بھی ملاقات کی، ان کے مسائل اور مشکلات سنے اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے گفتگو کی۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں اور سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ممکنہ اقدامات پر بھی بات چیت کی۔ کالج انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کے اچانک دورے، طلبہ میں کتابوں کی تقسیم اور اساتذہ کے مسائل سننے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

11

مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ شہید پولیس اہلکار اپنی ذمہ داریاں انجام دیتے ہوئے جانوں کا نذرانہ پیش کر گئے، ان کی قربانی کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جس پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ واقعے کے محرکات اور اس میں ملوث عناصر کا تعین کرنے کے لیے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں۔ متعلقہ ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں اور تحقیقات کی روشنی میں مزید حقائق سامنے آئیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ انسداد پولیو مہم بچوں کو ایک خطرناک بیماری سے محفوظ رکھنے کی قومی کاوش ہے، اس مہم سے وابستہ ٹیموں کی حفاظت انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

12

کی ترسیل میں تاخیر پر سخت ایکشن لیتے ہوئے متعدد ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز پر بھاری مالیاتی جرمانے عائد کر دیے ہیں۔ پی اے اے نے بتایا کہ یکم جولائی سے 15 اگست 2026 کے دوران ایئرپورٹس پر مسافروں کے سامان کی ترسیل میں تاخیر کے 19 کیسز سامنے آئے۔ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر 8 ایئرلائنز پر مجموعی طور پر 16 لاکھ 20 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ ترجمان پی اے اے نے واضح کیا کہ ایئرلائنز کو مسافروں کے سامان کی بروقت ترسیل یقینی بنانے کا پابند کیا جا رہا ہے تاکہ مسافروں کو کسی بھی پریشانی سے بچایا جا سکے۔ ملک کے تمام ایئرپورٹس پر مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور سروس کے معیار کی مسلسل نگرانی جاری ہے ترجمان کے مطابق مقررہ سروس اسٹینڈرڈز اور قوانین پر عملدرآمد نہ کرنے والی ایئرلائنز کے خلاف ضوابط کے تحت سخت قانونی و انتظامی کارروائی جاری رہے گی۔

13

آیا ہے۔ پولیس کے مطابق شکریہ بی بی کے شوہر کو قتل کے الزام میں پہلے ہی گرفتار کیا جا چکا ہے، جبکہ وہ 60 سالہ شخص کا بیٹا ہے جس سے 4 سالہ بچی کے مبینہ نکاح کا معاملہ سامنے آیا۔ بچی کے گرفتار والد کے مطابق اس کی 14 سالہ بیٹی شکریہ بی بی کو سسرال میں مبینہ تشدد کا سامنا تھا اور اس پر ایک اور کمسن بیٹی کا رشتہ دینے کے لیے بھی دباؤ ڈالا جاتا رہا۔ والد کا کہنا ہے کہ گزشتہ ماہ 4 سالہ بیٹی کا رشتہ 60 سالہ صلاح الدین سے مبینہ طور پر 25 لاکھ روپے کے عوض طے کیا گیا تھا۔ والد کے مطابق رقم کی ادائیگی سے قبل صلاح الدین نے 4 سالہ بچی کے بجائے 8 سالہ بیٹی کا رشتہ طلب کیا اور رشتہ نہ دینے کے بعد 7 ستمبر کو کچلاک میں اس کی شادی شدہ 14 سالہ بیٹی شکریہ بی بی کو مبینہ طور پر تشدد کر کے قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق دونوں واقعات میں مزید کون کون افراد ملوث ہیں، اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ کمسن بچی کے تحفظ اور اس معاملے میں قانونی کارروائی کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

14

نے مختلف پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور مہم کے دوران جاری فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کی کوریج اور ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ لی۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کی جانب سے مرتب کی جانے والی ایکسل شیٹس کا بھی جائزہ لیا اور بچوں کے فنگر مارکس اور گھروں پر لگائے گئے ہاؤس مارکس چیک کیے۔ کمشنر ذیشان لاشاری نے پولیو سے انکار کرنے والے والدین اور خاندانوں سے بھی ملاقات کی اور انہیں پولیو کے قطروں کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو ویکسین پلانے پر قائل کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ انکاری خاندانوں کو بھی مؤثر انداز میں قائل کیا جائے اور کسی بھی بچے کو پولیو کے قطروں سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے پولیو ٹیموں کو سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے تمام ٹیمیں اپنی ذمہ داریاں پوری ذمہ داری اور مؤثر انداز میں انجام دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطروں سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ ذیشان لاشاری نے متعلقہ اداروں کو بھی ہدایت کی کہ انسداد پولیو کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں اور مہم کے دوران انکاری والدین کو قائل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں، تاکہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ اور ڈپٹی ڈی ایچ او سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی ہمراہ تھے۔

15

خصوصی ہدایت پر SHO لیاری شاہد اقبال نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے دوران سنیپ چیکنگ کوسٹل ہائی وے نزد الحبیب ہوٹل لیاری کے مقام سے پولیس تھانہ سعود آباد ڈسٹرکٹ کورنگی کراچی کے مقدمہ نمبر 291/2023 میں مطلوب اشتہاری مجرم عمران ولد عبداللہ سکنہ گوٹھ سومار خاصخیلی گھارو تحصیل میرپور ساکرو ڈسٹرکٹ ٹھٹہ سندھ کو گرفتار کیا۔ اشتہاری مجرم کی گرفتاری کے متعلق تھانہ سعود آباد پولیس کراچی کو آگاہ کر دیا گیا ہے۔ تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد ملزم کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے کراچی پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔

16

احتیاطی نوعیت کے ہیں اور ان کا مقصد ملک کی فضائی حدود کو محفوظ بنانا ہے۔ پولینڈ نے زمینی فضائی دفاعی نظام اور ریڈار نگرانی کے نظام کو بھی الرٹ کر دیا ہے۔

17

نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کلسٹر ہیڈز کو ہدایت کی کہ وہ اپنے متعلقہ اسکولوں کی ترجیحی ضروریات اور مسائل کی تفصیلی فہرست تیار کر کے پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ اسکولوں کی عمارات، بنیادی ڈھانچے اور دیگر ضروری سہولیات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ کلسٹر اسکول بجٹ کے تحت خریداری اور سامان کی تقسیم کا عمل مکمل شفافیت کے ساتھ مقررہ قواعد و ضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔

18

پذیر دنیا میں مالی شمولیت کے طاقتور ذرائع بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مالی شمولیت کے لیے صرف ٹیکنالوجی نہیں، مؤثر نظام اور قواعد بھی ضروری ہیں، دنیا میں 1.3 ارب نوجوان اب بھی مالیاتی نظام سے باہر ہیں جبکہ مالیاتی نظام سے باہر تقریباً 90 کروڑ افراد کے پاس موبائل فون موجود ہیں۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے کہا کہ پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کے لیے واضح ریگولیٹری فریم ورک قائم کر دیا گیا ہے۔ بلال بن ثاقب کا کہنا تھا کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے، پاکستان ٹیکنالوجی کا صرف صارف نہیں، اسے بنانے والا بھی بننا چاہتا ہے، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے آج کی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانا ہوگا۔

19

قحط سالی کا خدشہ ہے اور غیر منصفانہ تقسیم کے باعث زیرینہ ناڑی کے زمیندار آپس میں دست و گریباں ہیں قاضی واگہ کی قبائلی شخصیت قاضی شاہ محمد۔ ایڈووکیٹ قاضی حضور جان کا مظاہرین سے خطاب انہوں نے کہا کہ ندی ناڑی پر زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کا سلسلہ جاری ہے جس کے باعث زیرینہ ناڑی کی لاکھوں ایکڑ زمین بنجر ہونے کے ساتھ عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں ایڈووکیٹ قاضی حضور جان نے کہا کہ ندی ناڑی پر زرعی پانی کے سلسلے میں ایک نظام موجود ہے جس کے تحت 15 اگست تک بالا ناڑی کے زمیندار دروازے بند کر کے زرعی پانی استعمال کر سکتے ہیں اس کے بعد موجود نظام کے تحت بالا ناڑی کو بیراجوں کو بند کرنے کا اختیار نہیں لیکن 20 ستمبر تک بیراجوں کے دروازے بند ہونا باعث تشویش ہے زیرینہ ناڑی کے زمینداران ڈپٹی کمشنر کچھی اور چیئرمین گنڈہ جات سے مطالبہ کیا ہے کہ ندی ناڑی پر بنائے گئے اصولوں پر عملدرآمد کرتے ہوئے بالا ناڑی کے تمام بیراجز کے دروازے کھولے جائیں اور زیرینہ ناڑی کی جانب بغیر کسی رکاوٹ کے پانی کی روانی ممکن بنائی جائے طے شدہ نظام کے تحت 15 اگست کے بعد مختلف حیلوں بہانوں سے بیراجوں کو بند کرنا زیرینہ ناڑی کے زمینداروں کا معاشی قتل ہے اگر دو دن تک ہماری درخواست پر عمل درآمد نہیں کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے۔

20

میں بہتری زبانی دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے آتی ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ریاست سنجیدہ ہے تو عملی اقدامات کرے، ہمیں محسوس ہونا چاہیے کہ ہمارے مطالبات کو سنجیدگی سے لیا جا رہا ہے، 27 ستمبر کا لانگ مارچ ان شاء اللہ ضرور ہوگا، مکمل طور پر پرامن ہوگا، ہم اسلام آباد کی طرف آئیں گے، اسلام آباد میں داخلے کے بعد بھی پرامن ماحول برقرار رکھا جائے گا، لانگ مارچ اسلام آباد پہنچے گا اسٹال لگے ہوں گے میلے کا سماں ہوگا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پی ٹی آئی نے مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، رابطے آج بھی موجود ہیں مگر بانی چیئرمین کے خاندان کی خواتین اور پارٹی کارکنوں سے متعلق اقدامات پر ہمارے تحفظات ہیں، ریاست کو اپنے اقدامات پر نظرثانی کرنی چاہیے، موجودہ صورتحال سے ریاست اور جمہوریت کو نقصان ہوگا، پاکستان ہمارا ہے اسلام آباد بھی ہمارا ہے، ہمیں ووٹ دینے والے عوام کے راستے میں رکاوٹیں نہیں ہونی چاہئیں، پی ٹی آئی نے رابطوں اور مذاکرات سے کبھی انکار نہیں کیا، جب تک انصاف نہیں ملتا اور بنیادی مطالبات پر پیش رفت نہیں ہوتی، سیاسی جدوجہد جاری رہے گی۔ عالمیقشے دیکھیں

21

بلکہ آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کو متاثر کرنے کی کوشش بھی ہے۔ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل ناانصافیوں اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو فرائض کی انجام دہی کے دوران ہراساں، تشدد یا دبا کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بلوچستان میں صحافی پہلے ہی مختلف مشکلات اور خطرات کے باوجود اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں، ایسے واقعات سے صحافی برادری میں شدید تشویش پائی جاتی ہے بلوچستان میڈیا فورم کی قیادت نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں صحافی جمعہ خان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور تشدد میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکیمر کزی قیادت نے خبردار کیا کہ اگر صحافی جمعہ خان کو فوری انصاف فراہم نہ کیا گیا اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی تو بلوچستان بھر کی صحافی برادری کو اعتماد میں لے کر احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے سمیت آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

22

آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی کو متاثر کرنے کی کوشش بھی ہے۔ صحافی معاشرے میں عوامی مسائل ناانصافیوں اور دیگر اہم معاملات کو اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا حکومت اور متعلقہ انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے انہوں نے کہا کہ صحافیوں کو فرائض کی انجام دہی کے دوران ہراساں، تشدد یا دبا کا نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ بلوچستان میں صحافی پہلے ہی مختلف مشکلات اور خطرات کے باوجود اپنے پیشہ ورانہ فرائض انجام دے رہے ہیں، ایسے واقعات سے صحافی برادری میں شدید تشویش پائی جاتی ہے بلوچستان میڈیا فورم کی قیادت نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں صحافی جمعہ خان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے اور تشدد میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکیمر کزی قیادت نے خبردار کیا کہ اگر صحافی جمعہ خان کو فوری انصاف فراہم نہ کیا گیا اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں نہ لائی گئی تو بلوچستان بھر کی صحافی برادری کو اعتماد میں لے کر احتجاج کا دائرہ وسیع کرنے سمیت آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

23

ہاؤسنگ اسکیموں کی صورتحال اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسٹیٹ ایجنسی مالکان نے بتایا کہ ضلع کیچ میں اس وقت 32 اسٹیٹ ایجنسیاں کام کر رہی ہیں جبکہ 150 سے زائد ہاؤسنگ اسکیمیں جاری ہیں۔ اس موقع پر ہاؤسنگ اسکیموں سے متعلق مختلف امور اور درپیش مسائل سے بھی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے ہدایت دی کہ ہاؤسنگ اسکیموں کے قیام سے قبل تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں اور متعلقہ اداروں سے ضروری این او سی حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کو باقاعدہ معاہدوں کا حصہ بنایا جائے تاکہ خریداروں کے حقوق کا تحفظ یقینی ہو۔ انہوں نے ہاؤسنگ اسکیموں میں سڑکوں اور راستوں کی مناسب منصوبہ بندی، سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کے لیے پیشگی جگہ مختص کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی فراہمی کے لیے بھی جامع منصوبہ بندی کی جائے اور ایک ہی علاقے میں ضرورت سے زیادہ بور کرنے سے گریز کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہاؤسنگ اسکیموں میں اسکول، مسجد، قبرستان اور پارک سمیت دیگر عوامی ضروریات کے لیے مناسب جگہ پہلے سے مختص کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام ضروری سہولیات، راستوں اور عوامی مقامات کو منصوبہ بندی اور معاہدوں میں واضح طور پر شامل کیا جائے تاکہ مستقبل میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یاسر اقبال دشتی نے ہاؤسنگ اسکیموں میں شجرکاری کے فوری آغاز کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ نئی آبادیوں میں درختوں کے لیے مناسب جگہ مختص کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہاؤسنگ اسکیموں کا مقصد صرف پلاٹوں کی خرید و فروخت نہیں بلکہ شہریوں کو صاف ستھرا، محفوظ اور بنیادی سہولیات سے آراستہ رہائشی ماحول فراہم کرنا بھی ہے، اس لیے منصوبہ بندی میں موجودہ اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے۔

24

سے قبل انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم کئی مرتبہ مذاکرات کی میز پر گئے اور معاہدوں پر دستخط کیے، لیکن بدقسمتی سے پوری دنیا نے دیکھا کہ وعدوں اور معاہدوں کی پاسداری نہیں کی گئی۔ مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ لوگوں کو طاقت کے ذریعے سر تسلیم خم کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، غزہ، فلسطین، شام، یمن، ایران اور دیگر مقامات پر جو کچھ ہو رہا ہے وہ ان حقائق کو ظاہر کرتا ہے جن کا دنیا بھر کے لوگ مشاہدہ کر رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ دشمن ایرانی عوام کو سر تسلیم خم کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش میں حتی الامکان راستے بند کر رہے ہیں، وہ فوجی ذرائع سے اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہے اور اب دیگر ذرائع سے کارروائی کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دشمن زمینی اور فضائی راستے بند کرتے ہیں، اندرونی اختلافات کو ہوا دینے کی کوشش کرتے ہیں، میڈیا اور نسلی گروہوں کو استعمال کرتے ہیں اور ہمیں اندر سے کمزور کرنے اور سر تسلیم خم کرنے پر مجبور کرنے کے لیے ہماری کمزوریوں سے حتی الامکان فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ دشمن مصنوعی ذہانت اور جدید ہتھیاروں سے کیے جرائم کو دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کہتا ہے، غزہ، فلسطین، شام، ایران میں حملوں کا نشانہ بننے والے طلبہ اور شہری کیا دہشتگرد تھے؟ انہوں نے مزید کہا کہ ایران نے بہت مضبوطی اور طاقت سے اپنے موقف کا دفاع کیا ہے، تمام تر ناانصافی اور مظالم کے باوجود ایرانی قوم باوقار انداز میں مضبوطی سے کھڑی رہی۔ مسعود پزشکیان کا یہ بھی کہنا تھا کہ اپنے وطن کے لیے ایرانی قوم مرتے دم تک اسی طرح مضبوطی سے ڈٹی رہے گی۔

25

اور افسوس کا اظہار کیا ہے شاہد رند نے کہا کہ پولیو ٹیم کی سیکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے۔ فرائض کی انجام دہی کے دوران پولیس اہلکاروں کی شہادت پر دلی رنج ہے انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت اور پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے شاہد رند نے کہا کہ واقعے کے حوالے سے پولیس کی جانب سے تحقیقات جاری ہیں، تحقیقات مکمل ہونے کے بعد واقعے کی مزید تفصیلات سامنے آئیں گی۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

26

پبلک ہیلتھ، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ملائیشیا، اور ڈاکٹر احمد الیاس بن رشدان، شعبہ کیمیکل انجینئرنگ، فیکلٹی آف کیمیکل اینڈ انرجی انجینئرنگ، یونیورسٹی ٹیکنالوجی ملائیشیا شامل تھے معاہدے پر دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر یونیورسٹی آف کمالیہ پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب نے کہا کہ بین الاقوامی جامعات اور علمی اداروں کے ساتھ شراکت داری یونیورسٹی آف کمالیہ کے اس ویژن کا اہم حصہ ہے جس کا مقصد طلبہ اور اساتذہ کو عالمی علمی برادری سے مربوط کرنا ہے انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی روابط صرف کاغذی معاہدوں تک محدود نہیں ہونے چاہئیں بلکہ ان کے نتیجے میں طلبہ اور اساتذہ کے لیے حقیقی اور عملی مواقع پیدا ہونے چاہئیں پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب نے مزید کہا کہ یونیورسٹی آف کمالیہ نئی ضرور ہے، مگر اس کا ویژن عالمی ہے یونیورسٹی اپنے طلبہ کو روایتی تعلیم کے دائرے تک محدود رکھنے کے بجائے تحقیق، جدت اور تخلیقی سوچ کی طرف لے جانا چاہتی ہے تاکہ ان میں کاروباری سوچ، پیشہ ورانہ صلاحیت اور عالمی سطح پر اپنا کردار ادا کرنے کا اعتماد پیدا ہو۔ دورے کے دوران ملائیشین ماہرین تعلیم نے یونیورسٹی آف کمالیہ کے اساتذہ اور طلبہ کے ساتھ بھی خصوصی نشست کی، جس میں انہوں نے اپنے علمی تجربات، پیشہ ورانہ مشاہدات اور متعلقہ شعبوں میں مہارت سے آگاہ کیا اس موقع پر دونوں جانب سے دستیاب علمی و فنی مہارت کو مشترکہ تحقیقی منصوبوں، جدت پر مبنی اقدامات، ورکشاپس، پیشہ ورانہ تربیتی پروگرامز، انٹر پرینیورشپ سرگرمیوں اور تعلیمی تبادلے کے ذریعے مربوط کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر ملائیشین مہمانوں نے یونیورسٹی آف کمالیہ کے کیمپس میں شجرکاری مہم میں بھی حصہ لیا اور پودے لگائے شجرکاری کی یہ سرگرمی پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوستی و علمی روابط کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی ذمہ داری اور پائیدار مستقبل کے مشترکہ عزم کی علامت قرار دی گئی۔

27

کہ عدالتی مقدمات میں صرف تاریخیں تبدیل ہوتی رہیں گی اور اس طریقے سے معاملات حل نہیں ہوں گے، اس لیے پارٹی قیادت کو ہر صورت مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ 27 ستمبر کو تحریک انصاف کے احتجاج کے حوالے سے محمود خان نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں کو سمجھنا چاہیے کہ احتجاجی مظاہروں کے ذریعے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی ممکن نہیں۔ احتجاج کے لیے لوگوں کو اکٹھا کرنے سے حالات مزید خراب ہونے کا خدشہ ہے، جس کا نقصان بھی تحریک انصاف کو ہی اٹھانا پڑے گا۔ محمود خان نے کہا کہ سیاسی مسائل کا حل سڑکوں پر احتجاج کے بجائے بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے تحریک انصاف کی موجودہ قیادت پر زور دیا کہ وہ احتجاجی سیاست کے بجائے مذاکرات کا راستہ اپنائے تاکہ سیاسی کشیدگی کم کرنے اور معاملات کو آگے بڑھانے کی کوشش کی جا سکے۔

28

لیڈر نے وزیراعظم کو پہلے ہی خط لکھا تھا، جس کا جواب بھی موصول ہوا۔ وزیراعظم سے ملاقات کے لیے جگہ اور دیگر معاملات بھی طے کیے جا چکے تھے، تاہم بعد میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے شرط سامنے آئی کہ ملاقات سے قبل 27 ستمبر کے لانگ مارچ یا احتجاج کو ملتوی کرنے کی ضمانت دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن وزیراعظم سے ملاقات کرے گی اور اگر حکومت کی جانب سے مثبت رویہ اختیار کیا گیا تو اپوزیشن بھی آگے بڑھنے کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سچائی اور سنجیدگی کی بنیاد پر ملک کو درپیش مسائل اور سیاسی معاملات کی گتھیاں سلجھائی جا سکتی ہیں۔ قائد حزب اختلاف نے کہا کہ معاملہ صرف بانی پی ٹی آئی عمران خان تک محدود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان حکومت کی تحویل میں قید ہیں اور ان کی جان، صحت اور بنیادی حقوق کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے۔ عمران خان کے اہل خانہ، رشتہ داروں، دوستوں اور ساتھیوں سے ملاقات بھی ایک قیدی کے بنیادی حقوق میں شامل ہے، جس کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ ملک میں امن و امان اور معاشی صورتحال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں بے گناہ افراد کے قتل، بدامنی اور معاشی بحران جیسے مسائل پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

29

ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 42 سالہ سکندر ولد خمیسو کے نام سے کی گئی۔ ایس ایچ او ماڑی پور انسپکٹر انصر اقبال نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والا موٹر سائیکل سوار مین روڈ پر جا رہا تھا کہ اچانک وہ سلپ ہو کر گرا اور عقب سے آنے والے ٹرالر کے نیچے آ کر کچلا گیا، حادثے کا ذمے دار ٹرالر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ پولیس نے ٹرالر کو قبضے میں لے کر ڈرائیور کی تلاش شروع کر دی، جاں بحق ہونے والے شخص کے ورثا کی تلاش جاری ہے۔

30

کی۔ ذیلی کمیٹی کا اجلاس منگل کو سینیٹر سید مسرور احسن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹر خالدہ عطیب، سینیٹر دنیش کمار، وزارت صنعت و پیداوار اور پاکستان اسٹیل ملز کے سینیئر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں پاکستان اسٹیل ملز (پی ایس ایم) میں چوری کے واقعات، سیکیورٹی خدمات اور انتظامی و آپریشنل امور کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز میں 36 ٹن سامان کی چوری کے معاملے کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا کہ 36 ٹن سامان چوری کیس میں پولیس کی جانب سے چالان جمع کروایا جا چکا ہے تاہم چوری شدہ سامان کی ریکوری تاحال زیر التوا ہونے پر سینیٹ سب کمیٹی نے تشویش کا اظہار کیا۔ کنوینر کمیٹی نے چوری میں ملوث ملازمین کے خلاف سخت کارروائی اور ملوث افراد کا پاکستان اسٹیل ملز کی حدود میں داخلہ روکنے کی ہدایت کی۔ ذیلی کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان اسٹیل ملز میں اس وقت ڈی ایس ایف اہلکار سیکیورٹی پر مامور ہیں جبکہ وزارت دفاع کی جانب سے ڈی ایس ایف اہلکاروں کی واپسی کا مطالبہ کیا گیا ہے، پاکستان اسٹیل ملز تقریباً ایک ہزار ایکڑ رقبے پر محیط ہے اور بڑا حصہ تاحال کھلا ہے، اربوں روپے مالیت کی مشینری اور سامان کی حفاظت کے لیے سیکیورٹی اہلکاروں کی شدید کمی ہے۔

31

حوثی ملیشیا کی کارروائیوں کے نتیجے میں ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد یمنی بے گھر ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ کے مطابق 700 افراد ہلاک اور ہزاروں زخمی ہوئے ہیں، عالمی خوراک پروگرام کے قائم مقام سربراہ کارل اسکا نے بتایا کہ ادارہ اب تک تقریباً 60 ہزار افراد کو کھانا اور غذائی سامان فراہم کر چکا ہے اور مزید لاکھوں افراد تک امداد پہنچانے کی تیاری کر رہا ہے۔ ڈبلیو ایف پی کے مطابق یمن کی نصف آبادی یعنی ایک کروڑ 80 لاکھ سے زائد افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا شکار ہیں، پانچ سال سے کم عمر تقریباً 22 لاکھ بچے شدید غذائی قلت کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یمن اپنی خوراک کی 90 فیصد ضروریات درآمد کرتا ہے، اس لیے بندرگاہوں اور ہوائی اڈوں میں رکاوٹیں غذائی بحران کو مزید سنگین بنا سکتی ہیں۔

32

6.6 فٹ بائی 11 فٹ اور گہرائی 4.6 فٹ تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دھماکے میں استعمال ہونے والے دھماکا خیز مواد کی مجموعی مقدار 869 کلوگرام تھی جب کہ دھماکے میں استعمال ہونے والی گاڑی کی ابتدائی شناخت بھی کر لی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اسپیشل برانچ کی عمارت کے اندر سے غیر پھٹا مواد دھماکا خیز مواد بھی برآمد ہوا، گراؤنڈ فلور سے 2 آئی ای ڈیز جبکہ پہلی منزل سے ایک خودکش جیکٹ برآمد ہوئی، خودکش جیکٹ میں 4 آئی ای ڈیز نصب تھیں۔ بم ڈسپوزل یونٹ کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ دھماکے کے بعد حملہ آور پرانا پولیس لائنز کوہاٹ میں داخل ہوئے اور مسلح حملہ کیا جب کہ حملہ آور اسپیشل برانچ بلاک میں مضبوط مورچہ زن ہو گئے تھے۔ یاد رہے کہ 18 ستمبر کو کوہاٹ پولیس لائنز کی مسجد پر نماز جمعہ کے دوران خودکش حملہ کیا گیا تھا جس میں پولیس اہلکاروں سمیت 22 افراد شہید اور 100 سے زائد زخمی ہوئے تھے۔

33

بڑی معیشتوں کے گروپ جی 7 نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت بھی کی اور کہا کہ یمن میں سعودی حمایت یافتہ فورسز کے خلاف لڑائی میں حالیہ شدت خطے اور عالمی توانائی کے تحفظ کے لیے خطرہ ہے حالیہ دنوں میں ہزاروں پناہ گزین یمن سے فرار ہو چکے ہیں، جب ایران کی حمایت یافتہ اس تنظیم نے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں مزید علاقہ اپنے قبضے میں لیے ان میں آبنائے باب المندب کے قریب کے علاقے بھی شامل ہیں، جو عالمی تجارت کے لیے ایک اہم بحری راستہ ہے۔ یہ بیان نیویارک میں اقوام متحدہ کی سالانہ جنرل اسمبلی کے اجلاس سے قبل سامنے آیا ہے، جہاں ایران کے اعلیٰ حکام کی تقاریر متوقع ہیں برطانیہ، کینیڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور امریکہ کے وزرائے خارجہ نے کہا کہ ہم حوثیوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر تمام فوجی کارروائیاں، شہری جہاز رانی کے خلاف تمام دھمکیاں اور حملے بند کریں اور نیک نیتی کے ساتھ سیاسی عمل کی جانب واپس آئیں یہ بیان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ہونے والی ایک سائیڈ لائن ملاقات کے بعد جاری کیا گیا دوسری جانب نے کمیٹی کے کردار، فرائض اور انتخابی عمل میں عوامی شمولیت کو مؤثر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ شرکا نے انتخابی عمل میں زیادہ سے زیادہ عوامی شمولیت یقینی بنانے کے لیے جامع سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر خواتین، نوجوانوں اور معاشرے کے محروم طبقات کی مؤثر شمولیت، خواتین کے شناختی کارڈز کے اجرا اور ووٹر رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے سمیت مختلف امور پر بھی تجاویز پیش کی گئیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے تمام شرکا کی تجاویز اور فعال شرکت کو سراہتے ہوئے یقین دلایا کہ موصول سفارشات کی روشنی میں ووٹر آگاہی اور انتخابی شمولیت کے فروغ کے لیے مزید مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔

34

مقرر کر دی ہیں آئندہ کوکنگ آئل اور گھی مینوفیکچررز سے اس مقررہ قیمت پر ٹیکس وصولی ہوگی۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت مقامی طور پر تیار کردہ سبزیوں اور حیوانی چکنائی و تیل، گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم قیمت مقرر کی گئی ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق کم از کم قیمت پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس (پی بی ایس) کی ویب سائٹ پر شائع ہونے والے ہفتہ وار حساس قیمت اشاریے) ایس پی آئی (کے تحت گزشتہ ماہ کے آخری ہفتے کی اوسط قومی ریٹیل قیمت میں سے 25 روپے فی کلوگرام کرکے مقرر کی جائے گی تاہم 25 روپے فی کلو کی یہ رعایت صرف ان رجسٹرڈ افراد کو حاصل ہوگی جو ایف بی آر کے ڈیجیٹل انوائسنگ اور پروڈکشن مانیٹرنگ سسٹم کے ساتھ مطابقت رکھتے ہوں۔ نوٹیفکیشن کے تحت گھی اور کوکنگ آئل کے برانڈز کو تین کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

35

کہ اس طریقہ شکار کے مسلسل استعمال سے نہ صرف موجودہ مچھلی کے ذخائر متاثر ہو سکتے ہیں بلکہ مستقبل میں مچھلیوں کی افزائش اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار پر بھی منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔ عوامی حلقوں کا دعویٰ ہے کہ ہر سیزن میں گجہ وارنیٹ کے استعمال کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور رواں سیزن میں بھی ڈام کے کھلے سمندر میں اس جال کے ذریعے بڑے پیمانے پر شکار کیے جانے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ مقامی افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ سمندری وسائل کے تحفظ کے لیے متعلقہ حکام اس معاملے کا فوری نوٹس لیں اور گجہ وارنیٹ کے استعمال سے متعلق قوانین اور پابندیوں پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ مقامی حلقوں نے محکمہ فشریز کے بعض افسران پر گجہ وارنیٹ کے استعمال کی مبینہ چشم پوشی یا ملی بھگت سے آزادانہ گجہ وارنیٹ کا استعمال جاری ہے عوامی نمائندوں اور متعلقہ محکمہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان شکایات کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی اہلکار کی غفلت یا قانون کی خلاف ورزی ثابت ہو تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ لسبیلہ کے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر فشریز سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈام کے کھلے سمندر میں گجہ وارنیٹ کے مبینہ آزادانہ استعمال کا فوری نوٹس لیا جائے، متعلقہ علاقوں میں نگرانی کا نظام مؤثر بنایا جائے اور سمندری حیات کے تحفظ کے لیے مروجہ قوانین پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔ مقامی ماہی گیر برادری کا کہنا ہے کہ سمندر کے قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے ایسے طریقوں کی حوصلہ شکنی ضروری ہے جن سے کم عمر مچھلیاں اور دیگر سمندری جاندار بھی شکار ہو جاتے ہیں، تاکہ آئندہ نسلوں کے لیے سمندری وسائل اور ماہی گیری کا شعبہ محفوظ رہ سکے۔

36

کے مطابق سعودی عرب کی جانب سے درخواست ایسے وقت کی گئی جب یمن میں حوثیوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیراعظم اینڈی برنہم نے کہا کہ ہمیں سعودی عرب کی جانب سے فوجی مدد کی درخواست موصول ہوئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر دفاع و وزیر خارجہ کے مشورے پر دفاعی فضائی ری فیولنگ کی درخواست منظور کی، یقیناً سعودی عرب کو حملوں کا سامنا ہے، ہمیں ان راستوں کو کھلا رکھنا ہوگا، اسی لیے سعودی عرب کی درخواست منظور کی ہے۔

37

جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ طاقت کے نشے میں دھت قوتوں نے ملک کو ہر حوالے سے تاراج کر کے ریاست کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں، جبکہ جمہوریت کے سوداگروں نے اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کی خاطر آئین کو شخصی اقتدار کے گرداب میں پھنسا دیا ہے، انہوں نے کہا کہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ جمہوری نظام کی روح ہے، مگر بدقسمتی سے اقتدار کی کشمکش میں آئینی اصولوں کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے جس سے ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد متاثر اور سیاسی و معاشی بحران مزید گہرا ہو رہا ہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں نے کہا کہ ملک کسی فرد، خاندان یا مخصوص گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ کروڑوں عوام کی امانت ہے، اس لیے ریاستی معاملات آئین کے مطابق چلائے جائیں اور عوام کے مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو وقتی مفادات کے بجائے قومی مفاد، آئین کی پاسداری اور جمہوری اقدار کے تحفظ کو مقدم رکھنا ہوگا، بصورت دیگر ملک میں سیاسی بے یقینی اور انتشار کے اثرات مزید سنگین ہوں گے، رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تمام ادارے اپنی آئینی حدود میں رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں ادا کریں اور عوام کو درپیش مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی اور بنیادی سہولیات کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کیے جائیں۔

38

برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق یمن کے اہم شہر مخا پر سعودی حملوں میں کم از کم چھ افراد ہلاک ہو گئے ہیں یہ اطلاع حوثیوں سے منسلک ذرائع ابلاغ کے حوالے سے دی گئی ہے۔ حملے میں ہلاک ہونے والوں میں دو بچے اور ایک خاتون شامل ہیں جبکہ آٹھ دیگر افراد زخمی ہوئے ہیں حوثیوں نے اس ماہ کے آغاز میں حکومت نواز فورسز سے لڑائی کے بعد مخا شہر پر قبضہ کیا تھا۔ اقوام متحدہ کے اندازے کے مطابق یمن کے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے میں لڑائی میں اچانک اضافے کے باعث مجموعی طور پر ایک لاکھ 20 ہزار سے زیادہ یمنی بے گھر ہو چکے ہیں۔

39

علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی کے لیے سولر واٹر بورز کی تنصیب کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں تحصیل بیلا کے گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ میں بھی سولر واٹر بور کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ اس اقدام پر گوٹھ کے مکینوں نے سینیٹر اسد قاسم رونجھو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی ایک اہم بنیادی ضرورت ہے، اور سولر واٹر بور کی سہولت سے علاقے کے لوگوں کو پانی کے حصول میں درپیش مشکلات میں کمی آئے گی علاقہ مکینوں نے امید ظاہر کی کہ سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے لسبیلہ کے دیگر علاقوں میں بھی عوامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی و فلاحی اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

40

مفاہمتی معاہدے میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے اسے ایک اہم کامیابی قرار دیا۔ اقوام متحدہ کے مطابق پاکستان سمیت دیگر علاقائی ممالک نے اس وقت مذاکراتی عمل میں کردار ادا کیا تھا، امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوبارہ آغاز جنگ کے خاتمے کی جانب پیش رفت میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے فریقین پر زور دیا کہ تنازع کے حل کیلئے سفارت کاری اور بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ اقوام متحدہ اس سے قبل بھی امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکراتی عمل کی حمایت کر چکا ہے، عالمی ادارے کا کہنا ہے کہ موجودہ بحران کا پائیدار حل بامعنی مذاکرات اور سفارتی کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔

41

کے مطابق برآمد شدہ منشیات میں 37.654 کلوگرام آئس، 2.500 کلوگرام ہیروئن اور 6.762 کلوگرام نشہ آور گولیاں شامل ہیں۔ اے این ایف نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور بحرین روانہ ہو رہے تھے، جن میں بیشتر افراد عمرہ کی ادائیگی کے لیے جا رہے تھے۔ ابتدائی تحقیقات میں جعلی فری عمرہ پیکجز کے ذریعے منشیات اسمگلنگ کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ اے این ایف حکام کے مطابق مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ نامعلوم افراد کے دیے گئے پارسل یا اشیا بیرون ملک لے جانے سے گریز کریں، کیونکہ ایسی سرگرمیاں سنگین قانونی نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ اے این ایف نے کہا ہے کہ خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے انٹیلی جنس معلومات اور ایئرپورٹس پر مؤثر نگرانی کے ذریعے کارروائیاں جاری ہیں جبکہ متعلقہ اداروں کے تعاون سے انسداد منشیات اقدامات مزید تیز کیے جا رہے ہیں۔

42

ریزسٹنس فرنٹ نے طالبان کے خلاف مسلح مزاحمت جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ افغان یونٹی فرنٹ کے مطابق 21 ستمبر کو بدغیس کے ضلع جوند میں طالبان اہلکاروں کے خلاف گھات لگا کر کارروائی کی گئی، جس میں ایک طالبان اہلکار ہلاک ہوا۔ اے یو ایف نے دعویٰ کیا ہے کہ 18 ستمبر کو جلال آباد میں طالبان کے ایک انٹیلی جنس اہلکار کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ 16 ستمبر کو قندھار میں بھی ایک طالبان اہلکار کے خلاف کارروائی کی گئی۔ افغان فریڈم فرنٹ کے مطابق 16 ستمبر کو کابل میں طالبان کی ایک چیک پوسٹ پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں 2 طالبان اہلکار ہلاک اور 2 زخمی ہوئے۔ دوسری جانب نیشنل انڈیپنڈنس فرنٹ کے مطابق 20 ستمبر کو قندھار میں ایک ٹارگٹڈ کارروائی کی گئی۔ فرنٹ کا دعویٰ ہے کہ کارروائی میں قندھار کے صوبائی سیکیورٹی کمانڈر کے گیسٹ ہاؤس کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 4 محافظ ہلاک اور 2 شدید زخمی ہوئے۔ نیشنل ریزسٹنس فرنٹ نے بھی طالبان کے خلاف مسلح مزاحمت جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ فرنٹ کی جانب سے صالح محمد ریگستانی کو ملٹری ہیڈ کوارٹر کا کمانڈر اور جنرل آف آپریشنز مقرر کیے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ صالح محمد ریگستانی نے کہا ہے کہ طالبان کے خلاف مسلح مزاحمت جاری رہے گی۔ ان کے مطابق افغانستان میں مختلف مزاحمتی محاذ فعال ہیں اور طالبان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ تاہم مذکورہ حملوں، ہلاکتوں اور زخمیوں سے متعلق مزاحمتی گروہوں کے دعووں کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔

43

درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا، تعلیم، ثقافتی روابط اور عوامی سطح پر رابطوں کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کا علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے خارجہ نے مشرق وسطیٰ اور ایران کی صورتحال پر بھی گفتگو کی، علاقائی چیلنجز کے حل کے لئے مذاکرات اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام فریق اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں، ریجنل فریم ورک کے تحت مشاورت جاری رکھنے کی اہمیت پر اتفاق کیا گیا۔ پاکستان اور مصر نے باہمی دلچسپی کے امور پر رابطہ اور تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا، عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے بین الاقوامی تعاون اور مؤثر کثیرالجہتی نظام کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔

44

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کئے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے اپنے سعودی ہم منصب شہزادہ فیصل بن فرحان سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کی سائیڈ لائن پر ملاقات کی اور اس حوالے سے نیویارک میں معاہدے پر دستخط کیے۔ وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا کہ ان کے لیے یہ دستخط باعث مسرت ہیں۔ یہ اہم قدم دونوں ملکوں کے درمیان اعلیٰ سطح کے رابطوں اور ادارہ جاتی تبادلوں میں مزید سہولت دے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس عمل سے باہمی مفاد کے تمام شعبوں میں دونوں برادر ملکوں کی اسٹریٹیجک شراکت داری مزید بڑھے گی۔

45

نوٹیفکیشن کے مطابق قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر سے جبکہ 50 فیصد ملازمین گھروں سے کام کریں گے۔ گھر سے کام کرنے والے ملازمین کے لیے ٹیلیفون، ای میل اور واٹس ایپ پر دستیاب رہنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کفایت شعاری اقدامات کے تحت سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کر دی گئی ہے جبکہ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے نان ای آر ای بجٹ میں بھی 5 فیصد کمی کی جائے گی۔ اس کے علاوہ تمام اقسام کی پائیدار اشیا کی خریداری پر پابندی ہوگی، تاہم آئی ٹی سامان اس پابندی سے مستثنیٰ ہوگا۔ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے اجلاس ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے منعقد کیے جائیں گے جبکہ قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس بھی ورچوئل طریقے سے منعقد کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ کفایت شعاری کے تحت اجلاسوں کی تعداد کو کم سے کم سطح پر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تین ماہ کے لیے غیر ملکی دوروں اور سرکاری سفری اخراجات پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ تاہم ضروری سرکاری امور سے متعلق دیگر ہدایات نوٹیفکیشن میں دی گئی شرائط کے مطابق ہوں گی۔ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ میں غیر ملکی وفود کے اعزاز میں دیے جانے والے عشائیوں کے علاوہ سرکاری عشائیوں کے انعقاد پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری فنڈز سے منعقد ہونے والے سیمینارز، تربیتی پروگرامز اور کانفرنسز کے انعقاد پر بھی پابندی ہوگی۔ اخراجات میں مزید کمی کے لیے سیکریٹریٹ میں پیپر لیس ورکنگ ماحول اپنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں ملازمین کو اسٹیشن چھوڑنے سے قبل مجاز اتھارٹی سے اجازت لینے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے مطابق اضافی کفایت شعاری کے یہ تمام اقدامات فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔

46

وزیر داخلہ نے دونوں کانسٹیبلز کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے غمزدہ خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ ان کا کہنا تھا کہ کانسٹیبل محمد یاسر اور کانسٹیبل عبدالرؤف نے فرض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانیں قربان کر کے شہادت کا عظیم رتبہ پایا ہے، قوم ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ انہوں نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملک کے معصوم بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والے پولیو ورکرز پر حملہ درندہ صفت عناصر کا انتہائی گھناؤنا اور ناقابل معافی جرم ہے۔ وزیر داخلہ نے عزم ظاہر کیا کہ پولیو ٹیموں اور محافظوں پر حملہ کرنے والے ایسے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور انہیں جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

47

بعد کسٹمز اہلکاروں کو دھمکیاں موصول ہوئی تھیں۔

48

رہنماؤں نے علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی، سیاسی رہنماؤں و کارکنان کو ہراساں کرنے اور گرفتاریوں پر بھی شدید مذمت کا اظہار کیا۔ ملاقات میں سیاسی سرگرمیوں کے خلاف جاری اقدامات پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اپوزیشن اتحاد کا کہنا ہے کہ مارچ مکمل طور پر پرامن ہوگا اور جمہوری و آئینی حقوق کے لیے ہوگا۔ رہنماؤں نے کہا کہ مارچ کے حتمی دن کا فیصلہ ہم خود کریں گے کہ کب آنا ہے۔

49

بین الاقوامی استحکام فورس کی تعیناتی کا مطالبہ کیا اور قومی کمیٹی برائے انتظام غزہ کی پورے غزہ میں ذمہ داریوں کے آغاز پر اتفاق کیا۔ مشترکہ بیان میں فلسطینیوں کی زبردستی بے دخلی اور علاقائی یا آبادیاتی تبدیلی مسترد کی گئی اور بستیوں کی توسیع، زمینوں پر قبضے، گھروں کی مسماری اور آبادکاروں کی جانب سے ہونے والے تشدد کی مذمت کی گئی۔ اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے یروشلم کے مقدس مقامات کی تاریخی و قانونی حیثیت کو متاثر کرنے پر اظہار تشویش کیا، برطانیہ اور کہا کہ یورپی ممالک کے غیر قانونی بستیوں سے تجارت روکنے کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غزہ فلسطینی علاقے کا حصہ اور مغربی کنارے بشمول مشرقی یروشلم سے یکجائی ضروری اور مشرقی یروشلم دارالحکومت کے ساتھ آزاد فلسطینی ریاست کے لیے دو ریاستی حل ناگزیر ہے۔ پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت کو سراہا اور اس تنازع پر امریکا کے فعال کردار پر زور دیا۔ عالمیقشے دیکھیں مشترکہ بیان میں 8 اسلامی ممالک نے امریکا، بورڈ آف پیس اور فلسطینی اتھارٹی کے ساتھ مل کر کام جاری رکھنے کا عزم دہرایا۔

50

جہاں انہوں نے پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی سے درپیش خطرات اور مالی معاونت کی ضرورت اجاگر کی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلی سے شدید خطرات کا سامنا کر رہا ہے، سیلاب سے بنیادی ڈھانچے اور عوام کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے، جبکہ قدرتی آفات سے نمٹنے کا نظام مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے گرین کلائمیٹ اور لاس اینڈ ڈیمج فنڈز سے مالی معاونت تیز کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی فنڈز تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنایا جائے۔ انہوں نے ورلڈ بینک، ایشیائی ترقیاتی بینک اور عالمی مارکیٹ سے مالی وسائل حاصل کرنے پر بھی زور دیا۔ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی جانب سے کاپ اکتیس ایکشن ایجنڈے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ایکشن ایجنڈا پاکستان کی موسمیاتی ترجیحات سے ہم آہنگ ہے۔ وزیر خزانہ نے ورچوئل اثاثہ جات کے ریگولیٹڈ فریم ورک، ٹوکنائزیشن اور ڈیجیٹل نظام پر بھی گفتگو کی۔

51

شدید تشویش پائی جا رہی ہے شاہی انٹر پرائز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی 50 روپے والی مونگ پھلی کا معیار اس حد تک ناقص ہے کہ وہ انسانوں کے کھانے کے قابل ہی نہیں رہی اس کے باوجود کمپنی نے صوبے بھر کی عام مارکیٹوں اور بڑے تاجروں کے ذریعے یہ غیر معیاری سامان سپلائی کیا ہوا ہے جس سے نہ صرف عام شہریوں اور بچوں کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کھیلا جا رہا ہے

افغانستان میں طالبان کے خلاف مزاحمتی کارروائیوں میں شدت

قندھار، ننگرہار، بدغیس، کابل میں طالبان پر حملوں کے دعوے

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان کے خلاف مختلف مزاحمتی گروہوں کی مسلح کارروائیوں میں تیزی آنے کے دعوے سامنے آئے ہیں۔ مزاحمتی گروہوں کے مطابق قندھار، کابل، ننگرہار اور بدغیس میں طالبان اہلکاروں اور سیکیورٹی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ نیشنل (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنادی گئیں

اے این ایف کے 12 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 18 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (جی این ایم) اے این ایف کا ملک کے مختلف بین الاقوامی ایئرپورٹس پر منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن، خلیجی ممالک کو منشیات اسمگلنگ کی 12 کوششیں ناکام بنادی گئیں۔ اے این ایف کے مطابق 12 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 18 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 46.936 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی۔ ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر 41)



کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کو بیف کے سی ای او خالد ماندائی سوئیر پیش کر رہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ملاقات

نیویارک (جی این ایم) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی مصری وزیر خارجہ بدر عبدالعاطی سے ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور مصری وزیر خارجہ کی ملاقات نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ہوئی، پاکستان اور مصر کے (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

اقوام متحدہ نے ایران جنگ ختم کرانے کیلئے پاکستان سے رابطے کی تصدیق کردی

نیویارک (جی این ایم) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے کی کوششوں میں پاکستان کے ساتھ رابطے کی تصدیق کردی ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان اسٹیفن دوجارک نے کہا ہے کہ انہوں نے اس معاملے پر پاکستانی حکام سے رابطہ کیا ہے، انہوں نے جون میں امریکا اور ایران کے درمیان طے پانے والے اسلام آباد (باقی صفحہ 3 نمبر 40)



پشاور، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پشاور ہیڈ کوارٹر دورے کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے موقع پر سلامی دے رہے ہیں

وفاقی وزیر داخلہ کی نوشکی میں پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع نوشکی میں انسداد پولیو ٹیم پر نامعلوم شرپسندوں کی فائرنگ کے واقعے کی پرزور مذمت کی ہے، فائرنگ سے سکیورٹی پر مامور دو پولیس اہلکار، کانسٹیبل محمد یاسر اور کانسٹیبل عبدالروف جام شہادت نوش کر گئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

بلوچستان، مسلح افراد کا مند کے کسٹمز اسٹیشن پر حملہ، دفتر کو آگ لگادی

کوئٹہ (جی این ایم) کسٹمز اسٹیشن پر مسلح افراد کے حملے کے نتیجے میں سپاہی محمد سراج زخمی ہوگیا۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق زخمی اہلکار کو ڈی ایچ کیو اسپتال تربت منتقل کیا گیا لیکن بعدازاں اسے مزید علاج کے لیے کراچی ریفر کردیا گیا ہے۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق حملہ آوروں نے تحصیل مند کسٹمز اسٹیشن میں داخل ہوکر دفتر کو آگ لگا دی۔ مند میں انفورسمنٹ کارروائیوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بیرسٹر گوہر کی محمود اچکزئی سے ملاقات، 27 ستمبر کے لانگ مارچ پر مشاورت

دونوں رہنماؤں نے علیمہ خان، عظمیٰ خان اور نورین نیازی کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کی

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، اپوزیشن جماعتوں کے باہمی تعاون اور آئندہ کے سیاسی لائحہ عمل پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ دونوں (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

پاکستان اور سعودی عرب میں خصوصی پاسپورٹ پاسپورٹ پر ویزے کے خاتمے کا معاہدہ

نیویارک میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور سعودی وزیر خارجہ نے دستخط کئے

نیویارک (جی این ایم) پاکستان اور سعودی عرب میں سفارتی، سرکاری اور خصوصی پاسپورٹ کو ویزے سے مستثنیٰ قرار دینے کا معاہدہ طے پا گیا۔ نیویارک میں معاہدے پر دستخط (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

سرکاری ملازمین کا ورک فرام ہوم، ایندھن میں کمی، حکومت کا کفایت شعاری اقدام نافذ

قومی اسمبلی سیکریٹریٹ کے 50 فیصد ملازمین دفاتر سے جبکہ 50 فیصد ملازمین گھروں سے کام کریں گے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (جی این ایم) قومی اسمبلی سیکریٹریٹ نے اخراجات میں کمی اور کفایت شعاری کے لیے مزید اقدامات نافذ کر دیے، جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)



پاکستان اور روس کے درمیان مشترکہ مشقوں کا دوران دونوں ممالک کے افواج پرچم کشائی کی تقریب میں شریک ہیں

اسرائیل غزہ سے متعلق اپنے وعدے پورے کرے، 8 اسلامی ممالک کا مطالبہ

فلسطینیوں کی زبردستی بے دخلی اور علاقائی یا آبادیاتی تبدیلی مسترد، بستیوں کی توسیع اور آبادکاروں کی جانب سے ہونے والے تشدد کی مذمت

غزہ میں فوری، محفوظ اور بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی ضروری ہے، جنگ بندی کے تحفظ اور تمام خلاف ورزیوں کے خاتمے پر زور، مشترکہ بیان

اسلام آباد (م ڈ) پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے غزہ میں انسانی مصائب پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسرائیل سے وعدے پورے کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ سمیت 8 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ غزہ میں فوری، محفوظ اور بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی ضروری ہے۔ وزرائے خارجہ کے بیان میں جنگ بندی کے تحفظ اور تمام خلاف ورزیوں کے خاتمے پر زور دیا گیا ہے۔ پاکستان سمیت 8 اسلامی ممالک نے اسرائیلی فوج کے مکمل انخلا اور (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

موسمیاتی فنڈز تک رسائی کا طریقہ کار آسان بنایا جائے، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ کا گرین کلائمیٹ اور لاس اینڈ ڈیمیج فنڈز سے مالی معاونت تیز کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے نظام، ابتدائی انتباہی نظام اور لاگت پر مبنی موسمیاتی سرمایہ کاری منصوبوں کو مضبوط بنانے کے لیے بیرونی معاونت کے ساتھ ملکی وسائل اور مالیاتی گنجائش کو بھی بروئے کار لانا ضروری ہے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے نیویارک میں اہم اجلاسوں میں شرکت کی، (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ایران یمن میں حوثیوں کو اسلحہ فراہم کرنا اور ان کی حمایت کرنا بند کرے، جی سیون کا مطالبہ

سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی شدید ترین الفاظ میں مذمت باب المندب میں کارروائیوں پر تشویش کا اظہار

پیرس (جی این ایم) جی 7 ممالک کے وزرائے خارجہ نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ایران یمن میں حوثیوں کو اسلحہ فراہم کرنا اور ان کی حمایت کرنا بند کرے۔ دنیا کی سات (باقی صفحہ 3 نمبر 38)



کوئٹہ، سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان لواحقین کوئٹہ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لسبیلہ کے مختلف علاقوں میں سولر واٹر بورز کی تنصیب جاری

گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہارِ تشکر

بیلا (جی این ایم) لسبیلا مختلف علاقوں میں سولر واٹر بور کی تنصیب کا سلسلہ جاری، گوٹھ حوالدار صالح محمد بدھ کے مکینوں کا سینیٹر اسد قاسم رونجھو سے اظہارِ تشکر چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے کشمیر، گلگت بلتستان وسیفران سینیٹر اسد قاسم رونجھو کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے مختلف (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

کوئٹہ، طاقت کے نشے میں دھت قوتوں نے ریاست کی بنیادیں کھوکھلی کر دیں، مولانا عبدالرحمٰن

آئین کو شخصی اقتدار کے گرداب میں پھنسا دیا گیا، ریاستی معاملات آئین کے مطابق چلائے جائیں، جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ھقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، اختر جان مری، مولانا (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

خضدار، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کا بوائز ڈگری کالج کا دورہ، طلبہ میں کتابیں تقسیم

کیں تعلیمی نظام اور درپیش مسائل کا جائزہ، اساتذہ کے مسائل حل کرنے اور ماحول بہتر بنانے کے لیے ممکنہ اقدامات کا عزم

خضدار (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے بوائز ڈگری کالج خضدار کا دورہ کیا، جہاں کالج کے پرنسپل حافظ عبدالحمید لہڑی نے ڈپٹی کمشنر کو کالج کے تعلیمی نظام، مختلف شعبہ جات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالانی اے ڈی او ظاہر کریم تھے، (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

دفاعی فضائی ری فیولنگ کی سعودی درخواست منظور کرلی، برطانوی وزیراعظم

لندن (جی این ایم) برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی محدود مدت کیلیے دفاعی فضائی ری فیولنگ کی درخواست منظور کرلی ہے۔ اینڈی برنہم کا کہنا تھا کہ دفاعی فضائی ری فیولنگ کا اقدام خطے میں مجموعی استحکام لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ خبر ایجنسی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی زیرِ صدارت اجلاس

بارکھان/رکھنی (خ ن) کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمن قمبرانی کی زیر صدارت کمشنر آفس رکھنی میں ڈویژنل پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ، ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ، ڈپٹی کمشنر نارتھ ڈیرہ بگٹی محمد ریاض داوڑ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

بولان، مارکیٹوں میں غیر معیاری مونگ پھلی کی کھلے عام فروخت

شاہی انٹر پرائز کراچی کی ناقص خوراک پیکنگز دھڑا دھڑ فروخت جاری، سیاسی و سماجی حلقوں کا فوڈ اتھارٹیز سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بولان (جی این ایم) پچھی اور اس کے گرد و نواح سمیت صوبے بھر کی مارکیٹوں میں شاہی انٹر پرائز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی جانب سے تیار کردہ 50 روپے والی مونگ پھلی کی غیر معیاری اور نا اہل خوراک کی پیکنگز کھلے عام فروخت کی جا رہی ہے عوام کو صحت کے شدید خطرات میں ڈال کر کمپنی کی جانب سے کروڑوں روپے بٹور رہی ہے جس پر سیاسی سماجی اور عوامی حلقوں میں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)



اوتھل، ڈام کے کھلے سمندر میں گجہ وارنیٹ کے استعمال سے سمندری حیات کو شدید خطرات

باریک جال کے استعمال سے چھوٹی مچھلیوں کی نسل کشی جاری، محکمہ فشریز کے مبینہ کردار پر سوالات

اوتھل (جی این ایم) لسبیلہ کے ساحلی علاقوں، بالخصوص ڈام کے کھلے سمندر میں گجہ وارنیٹ کے مبینہ آزادانہ استعمال کے باعث سمندری حیات اور مچھلیوں کے ذخائر کے متاثر ہونے پر عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مقامی افراد کے مطابق گجہ وارنیٹ ایسا باریک جال ہے، جس میں بڑی مچھلیوں کے ساتھ ساتھ چھوٹی اور کم عمر مچھلیاں بھی پھنس جاتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

وزیراعلیٰ بلوچستان کی پولیو ٹیم پر مامور اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار

انسدادِ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر مامور اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت واقعہ ہے، بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں انسدادِ پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ داخلہ بلوچستان سے رپورٹ طلب کر لی ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ انسدادِ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی پر (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوہاٹ دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ کی تفصیلی رپورٹ سامنے آگئی

پشاور (جی این ایم) کوہاٹ پولیس لائنز دھماکے سے متعلق بم ڈسپوزل یونٹ کی تفصیلی رپورٹ سینٹرل پولیس آفس کو ارسال کردی گئی۔ رپورٹ کے مطابق دھماکے کے مرکز کا تعین کر کے دھماکا خیز مواد کی نوعیت اور مقدار کا جائزہ لیا گیا جب کہ دھماکے کے گڑھے کا ظاہری قطر (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

پاکستان نے 8 ایئر لائنز پر بھاری جرمانے عائد کردیے

کراچی (جی این ایم) پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی نے سامان کی ترسیل میں تاخیر پر متعدد ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز پر بھاری جرمانے عائد کردیئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نے ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو ناقص سہولیات کی فراہمی اور سامان (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس، انتخابی عمل میں عوامی شمولیت بڑھانے پر زور

خواتین، نوجوانوں اور محروم طبقات کی ووٹر رجسٹریشن یقینی بنائی جائے گی، صوبائی الیکشن کمشنر علی اصغر سیال

کوئٹہ (جی این ایم) دفتر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان، کوئٹہ میں آج صوبائی ووٹرز ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان جناب علی اصغر سیال کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (ایڈمنسٹریشن) سید ندیم حیدر، جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) عبداللہ اور دیگر متعلقہ اداروں، بشمول نادرا، لوکل گورنمنٹ، میڈیا اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی کلمات میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

چمن 4 سالہ بچی سے 60 سالہ شخص کے نکاح کرنیوالا مرکزی ملزم افغانستان فرار

بچی کے والد اور ملزم کے بھائی گرفتار 14 سالہ بہن کے قتل سے بھی تعلق سامنے آ گیا

چمن (جی این ایم) چمن میں 4 سالہ بچی سے 60 سالہ شخص کے مبینہ نکاح کے معاملے میں پولیس نے بچی کے والد اور ملزم کے بھائی کو گرفتار کرلیا، جبکہ نکاح کے مبینہ مرکزی ملزم کے افغانستان فرار ہونے کی اطلاع ہے۔ پولیس کے مطابق تحقیقات کے دوران 4 سالہ بچی کے نکاح کے معاملے کا تعلق 7 ستمبر کو قتل ہونے والی اس کی 14 سالہ بہن شکریہ بی بی کے قتل سے بھی سامنے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

یمن میں غذائی بحران سنگین ہونے کا خدشہ، اقوام متحدہ نے خبردار کردیا

نیویارک (جی این ایم) یمن میں بڑھتے ہوئے مسلح تنازع کے باعث غذائی بحران سنگین ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، جس پر عالمی خوراک پروگرام نے ہنگامی امدادی کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کا انسدادِ پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے انسدادِ پولیو مہم کے دوران مری آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی، فیلڈ سرگرمیوں اور مانیٹرنگ کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن (باقی صفحہ 3 نمبر 14)



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاسی لیاقت بازار میں صفائی کے کام پر مامور صفا کوئٹہ کے ورکرز سے بات چیت کر رہے ہیں

اوتھل، ایس ایس پی لسبیلہ کی ہدایت پر کارروائی، کراچی پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

کوسٹل ہائی وے پر سنیپ چیکنگ کے دوران کارروائی، ملزم کو قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد کراچی پولیس کے حوالے کیا جائے گا

اوتھل (جی این ایم) کراچی کے تھانہ سعود آباد پولیس کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، SSP لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی خصوصی ہدایت پر SHO لیاری شاہد اقبال کی کامیاب کارروائی، تھانہ سعود آباد پولیس کراچی کو مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، تفصیلات کے مطابق SSP لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں مقرر کردی گئیں

اسلام آباد (جی این ایم) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے گھی اور کوکنگ آئل سیکٹر میں مبینہ ٹیکس چوری روکنے اور پوری صلاحیت کے مطابق ٹیکس وصولی یقینی بنانے کیلئے گھی اور کوکنگ آئل کی کم از کم ریٹیل قیمتیں (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

روس کے یوکرین میں فضائی حملے، پولینڈ نے فضائی حدود کی نگرانی سخت کردی

وارسا (جی این ایم) روس کی جانب سے یوکرین میں فضائی حملوں کے دوران پولینڈ نے اپنی فضائی حدود میں فوجی طیاروں کے ذریعے نگرانی تیز کردی ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق پولش فوج کا کہنا ہے کہ یہ اقدامات (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

کلسٹر اسکول بجٹ کے تحت خریدے گئے سامان کا معائنہ، چیئرمین ڈاکٹر میرمن کاکڑ نے ریکارڈ طلب کرلیا

کلسٹر اسکول بجٹ کے تحت خریدے گئے سامان کا معائنہ اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی گئی

ملاوتھل (رپورٹ: عزیز یوسفزئی) جائزہ کمیٹی کے چیئرمین اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن اوتھل ڈاکٹر میرمن کاکڑ کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) لسبیلہ نوید احمد ہاشمی، ڈی ڈی او ای میل اوتھل محمد اطہر قریشی اور چیئرمین پی ٹی ایس ایم سی عبدالواحید سومرو نے اسکول کا دورہ کیا۔ اس موقع پر کمیٹی نے کلسٹر اسکول بجٹ کے تحت خریدے گئے مطالعاتی و تحریری سامان، اسکول یونیفارم، فرنیچر اور دیگر ضروری اشیاء کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ خریداری سے متعلق ریکارڈ اور دستاویزات بھی چیک کی گئیں۔ معائنہ کمیٹی نے کلسٹر ہیڈ کو ہدایت کی کہ کلسٹر اسکول بجٹ سے متعلق تمام ریکارڈ اور دستاویزات کی مصدقہ نقول جلد از جلد کمیٹی کے سامنے پیش کی جائیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر میرمن کاکڑ اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن نوید احمد ہاشمی نے کہا کہ خریدے گئے سامان کے معیار، مقدار، چیک لسٹ اور ریکارڈ میں کسی قسم کی غفلت یا بے ضابطگی برداشت (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹ ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ پاکستان میں ورچوئل اثاثہ صارفین کی تعداد 4 کروڑ سے تجاوز کر چکی ہے۔ اقوام متحدہ کے سوشل بزنس، یوتھ اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ٹوکنائزیشن ترقی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)



نصیر آباد: ڈپٹی کمشنر نصیر آباد دور بندل ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، ٹرالر کی زد میں آکر موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق، ڈرائیور فرار

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے ماڑی پور روڈ ٹرک اڈے کے قریب ٹرالر کی زد میں آکر موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہوگیا، حادثے کا ذمے دار ٹرالر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثہ ماڑی پور ٹرک اڈا گیٹ نمبر 3 کے قریب پیش آیا، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش چھیپا (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

پاکستان اسٹیل ملز کی سکیورٹی پر سینیٹ کمیٹی برہم، آڈٹ رپورٹ ایک ہفتے میں طلب

اراکین کمیٹی کی پاکستان اسٹیل ملز میں موثر سکیورٹی مانیٹرنگ کے لیے جدید نگرانی کے کیمروں کی تنصیب کی سفارش

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کی ذیلی کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز کی سیکیورٹی مضبوط بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے پاکستان اسٹیل ملز کی 2025-26 کی تازہ ترین آڈٹ رپورٹ ایک ہفتے میں پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ اراکین کمیٹی نے پاکستان اسٹیل ملز میں مؤثر سکیورٹی مانیٹرنگ کے لیے جدید نگرانی کے کیمروں کی تنصیب کی سفارش (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بھاگ، زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف زیرینہ ناڑی کے زمینداروں کا احتجاج

بالا ناڑی کے بیراجز نہ کھولے گئے تو احتجاج کا دائرہ وسیع کریں گے، قاضی شاہ محمد، قاضی حضور جان

بھاگ (جی این ایم) تحصیل بھاگ میں زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف زیرینہ ناڑی کے زمیندار اسسٹنٹ کمشنر بھاگ آفس کے سامنے سراپا احتجاج بن گئے زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائی جائے زرعی پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے باعث زیرینہ ناڑی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

محسن نقوی نے مارچ ملتوی کرنے کے بدلے وزیراعظم سے ملاقات کی پیشکش کی، راجہ ناصر عباس

عمران خان حکومت کی تحویل میں قید ہیں اور ان کی جان، صحت اور بنیادی حقوق کی حفاظت حکومت کی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے وزیراعظم سے ملاقات کے لیے 27 ستمبر کے لانگ مارچ یا احتجاج کو ملتوی کرنے کی ضمانت طلب کی گئی ہے، تاہم اپوزیشن وزیراعظم سے ملاقات کے لیے تیار ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ اپوزیشن (باقی صفحہ 3 نمبر 28)



وندر، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء معذور افراد میں کیش تقسیم کر رہی ہیں

ہم اسلام آباد ضرور آئیں گے مگر احتجاج پرامن ہوگا، بیرسٹر گوہر

انصاف نہ ملے، بات نہ سنی جائے اور اس پر احتجاج نہ کرنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے؟ چیئرمین پی ٹی آئی

معاملات کو بہتری کی طرف لے جانے کیلئے ہمیشہ کوشش کی اور مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ انصاف نہ ملے، بات نہ سنی جائے اور اس پر احتجاج نہ کرنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے؟ لانگ مارچ ضرور ہوگا ہم اسلام آباد آئیں گے مگر احتجاج پرامن ہوگا۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفت گو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت اور پارلیمانی پارٹی کی ملاقاتیں ہوئیں، بعد ازاں پریس کانفرنسز بھی کی گئیں، معاملات کو بہتری کی طرف لے جانے کے لیے ہمیشہ کوشش کی اور مفاہمت کا راستہ کبھی بند نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ انصاف نہ ملے، بات نہ سنی جائے اور مطالبات کو ایڈریس نہ کیا جائے تو صرف احتجاج نہ کرنے کا مطالبہ کیسے کیا جاسکتا ہے؟ عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہ ہو اور ملاقاتوں و علاج کے معاملات بھی حل نہ کیے جائیں تو حالات کیسے بہتر ہوں گے؟ جمہوری معاشروں (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

پی ٹی آئی کو احتجاج کے بجائے مذاکرات کا راستہ اپنانا چاہیے، محمود خان

عمران خان مذاکرات کے ذریعے ہی باہر آسکتے ہیں، سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ کی گفتگو

پشاور (جی این ایم) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف اب کوئی وجود نہیں رکھتی، اس لیے پارٹی کی موجودہ قیادت کو احتجاج کے بجائے مذاکرات کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ تحریک انصاف کی قیادت کو زمینی حقائق کو سمجھتے ہوئے سیاسی مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کی طرف آنا ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود خان کا کہنا تھا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

طاقت سے لوگوں کو سرِ تسلیم خم کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا' ایرانی صدر

اقوام متحدہ کا اجلاس دنیا میں اعتماد کی بحالی اور جنگوں کے خاتمے میں مددگار ثابت ہوگا' مسعود پزشکیان

تہران (جی این ایم) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ایرانی عوام کی شکایات، پیش آنے والے جرائم اور پیدا ہونے والے عدم اعتماد کا معاملہ اٹھائیں گے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی صدر اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت اور ایران کے موقف کو پیش کرنے کے لیے امریکہ روانہ ہوگئے۔ روانگی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

پولیو ٹیم پر فائرنگ کا واقعہ افسوسناک ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے نوشکی کے علاقے کلی جمال آباد میں پولیو مہم کی ٹیم پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعے میں دو پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں ضلع کیچ کے اسٹیٹ ایجنسی مالکان کا اجلاس منعقد ہوا

تربت (جی این ایم) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں ضلع کیچ کے اسٹیٹ ایجنسی مالکان کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

ڈیرہ اللہ یار، صحافی جمعہ خان پر تشدد کی شدید مذمت

آزادی صحافت پر حملہ کسی صورت برداشت نہیں، آئی جی پولیس اور وزیراعلیٰ بلوچستان نوٹس لیں، مرکزی قیادت

سیوی (جی این ایم) بلوچستان میڈیا فورم کی مرکزی قیادت نے ڈیرہ اللہ یار سے تعلق رکھنے والے صحافی جمعہ خان پر تشدد کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے متعلقہ حکام آئی جی پولیس بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے واقعے کا فوری نوٹس لینے اور تشدد میں ملوث افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے انہیں فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی رہنماؤں نے اپنے بیان میں کہا کہ صحافی جمعہ خان پر تشدد نہ صرف ایک صحافی پر حملہ ہے بلکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

یونیورسٹی آف کمالیہ اور ملائیشین جامعات کے درمیان علمی شراکت داری کا معاہدہ

طلبہ و اساتذہ کے تبادلے، تحقیق، جدت اور انٹرپرینیورشپ میں تعاون پر اتفاق

کمالیہ (جی این ایم) ملائیشین جامعات کے وفد کا دورہ یونیورسٹی آف کمالیہ، علمی شراکت داری کے معاہدہ پر دستخط کر دیئے گئے معاہدہ کے مطابق طلبہ و اساتذہ کے تبادلے، تحقیق، جدت، انٹرپرینیورشپ، پیشہ وارانہ تربیت اور مشترکہ علمی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے تعاون پر اتفاق کیا گیا ملائیشین وفد میں ڈاکٹر محمد شفیق بن محمد ابراہیم، شعبہ پیڈیاٹرک ڈینٹسٹری اینڈ ڈینٹل (باقی صفحہ 3 نمبر 26)



کوئٹہ، چیئرمین بلوچستان سینئر سٹیزن کونسل احمد علی درانی سینئر سٹیزن تقریب کے موقع پر شرکا سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ زرغون روڈ پر پودوں کو پانی دینے میں مصروف ہے